58

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 275 | صفحات : 08 | ۶ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز منگلوار بمطابق ۲۳ ربیع الثانی ۱۴۴۸ | Tuesday 06th October 2026 | جلد نمبر 58

الکاراز، جوکووچ ایک ہی ڈرا میں

توجہ ٹرافیوں پر مرکوز ہے/ رگھوونشی

بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری، گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان

11 سے 15 اکتوبر تک موسم جزوی طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر میں آج موسم مجموعی طور پر خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم محکمہ موسمیات کے مطابق 6 اکتوبر سے موسم میں تبدیلی آئے گی اور 10 اکتوبر تک کئی علاقوں میں ہلکی بارش کے ساتھ بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری، گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 6 سے 10 اکتوبر کے دوران جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں میں موسم جزوی طور پر ابر آلود سے عام طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے، جبکہ چند مقامات سے لے کر کئی علاقوں تک ہلکی بارش متوقع ہے۔ 6 اکتوبر سے بارش کا سلسلہ شروع ہونے کا امکان ہے۔ اس دوران بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری، گرج چمک اور تیز ہواؤں کے امکانات بھی ظاہر کیے گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 11 سے 15 اکتوبر تک موسم جزوی طور پر ابر آلود رہ سکتا ہے، تاہم اس دوران بڑے پیمانے پر بارش کا کوئی واضح امکان نہیں ہے۔/1

بارہمولہ میں پولیس کی موبائل، سم اور جراثیم کش دوا کی دکانوں کی جانچ

تجارتی خدمات و مصنوعات کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے ضلع میں مہم جاری

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے بارہمولہ ضلع میں پولیس نے مقررہ ضوابط کی پابندی یقینی بنانے اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے مختلف کاروباری اداروں میں جانچ اور معائنہ مہم چلائی۔ پولیس نے بتایا کہ یہ جانچ اور معائنہ بارہمولہ تھانہ اور دبن پولیس چوکی کے دائرہ اختیار میں کیا گیا۔ بارہمولہ تھانے کی پولیس نے موبائل فون کی دکانوں، سم فروخت کرنے والوں اور جراثیم کش ادویات کے ڈیلروں کا معائنہ کیا، جبکہ دبن پولیس چوکی کی جانب سے موبائل مرمت کی دکانوں اور موبائل فون فروخت کرنے والوں کی جانچ کی گئی۔ معائنے کے دوران دکانداروں اور فروخت کنندگان کو ہدایت دی گئی کہ وہ ضابطوں کے مطابق تمام لازمی ریکارڈ اور رجسٹر برقرار رکھیں، جن میں صارفین اور آلات سے متعلق مکمل تفصیلات بھی شامل ہیں۔ پولیس نے اداروں سے مشتبہ لین دین اور سرگرمیوں کے خلاف بیدار/2

ہندوستان عالمی زراعت میں قائدانہ کردار سنبھالنے کی طرف گامزن/ LG

اِنڈین سوسائٹی آف ایگری کلچرل انجینئرز کے 60 ویں سالانہ کنونشن سے خطاب

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے انڈین سوسائٹی آف ایگری کلچرل انجینئرز (آئی ایس اے ای) کی 60 ویں سالانہ کنونشن سے خطاب کیا جس کی مشترکہ میزبانی شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگری کلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (سکاسٹ) کشمیر نے کی۔ انہوں نے معزز مہمانوں کا والہانہ استقبال کرتے ہوئے آئی ایس اے ای کو ملک کی خدمت کے چھ دہائیاں مکمل کرنے پر مبارک باد دی اور ملک کی سرکردہ زرعی یونیورسٹیوں میں سکاسٹ کشمیر کے اہم کردار کی ستائش کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کنونشن کے موضوعات "سمارٹ فارمنگ میں خواتین کی قیادت میں انجینئرنگ اختراعات" اور "جین زیڈ فارمنگ کے لئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور روبوٹکس" کی اہمیت کو اجاگر کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ موضوعات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ ہندوستان خوراک کی حفاظت کے چیلنجوں پر قابو پانے سے آگے بڑھ کر عالمی زراعت میں قائدانہ کردار سنبھالنے کی طرف گامزن ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جموں وکشمیر اپنے بھرپور زرعی ورثے اور دشوار گزار خطوں کے ساتھ اس طرح کے مباحثوں کے لئے سب سے موزوں ترین مقام ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے 1960 میں آئی ایس اے ای کے آغاز سے لے کر اب تک زرعی انجینئرنگ کے سفر پر روشنی ڈالتے ہوئے یاد دلایا کہ سائنس دانوں اور انجینئروں نے میکانائزیشن اور اختراعات کے ذریعے سبز انقلاب میں اپنا کردار ادا کیا جس سے فصل کے بعد ہونے والے نقصانات کو کم کیا گیا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ موسمیاتی تبدیلی، وسائل کی کمی اور دیرپا کاشتکاری جیسے عصری چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ان کامیابیوں سے تحریک حاصل کریں۔ انہوں نے زراعت میں خواتین کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دیہی خواتین کی افرادی قوت کا تقریباً 64 سے 76 فیصد حصہ کاشتکاری اور متعلقہ سرگرمیوں میں مصروف ہے، اکثر انہیں نہ اجرت ملتی ہے اور نہ ہی زمین کی ملکیت۔ انہوں نے خواتین اختراع/3

"ایفٹا" کے ذریعے ہندوستان میں 15 برسوں میں 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری/ مودی

سوئٹزرلینڈ کے صدر گائے پارملین کے ساتھ پیر کے روز یہاں دوطرفہ بات چیت کے بعد مشترکہ بیان

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندوستان اور یورپی ممالک کی تنظیم کے درمیان آزادانہ تجارت اور اقتصادی شراکت داری کے معاہدے 'ایفٹا' کے تحت اگلے 15 برسوں میں ہندوستان میں 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری اور 10 لاکھ براہ راست روزگار کے ہدف کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ سرمایہ کاری، جدت طرازی، روزگار اور مشترکہ خوشحالی کے لیے ایک بلند نظر خاکہ ہے۔ ہندوستان کے دورے پر آئے سوئٹزرلینڈ کے صدر گائے پارملین کے ساتھ پیر کے روز یہاں دوطرفہ بات چیت کے بعد مشترکہ بیان میں مسٹر مودی نے کہا کہ ہندوستان اور سوئٹزرلینڈ نے ہندوستان کی برآمدات کے لیے سوئٹزرلینڈ میں مارکیٹ تک رسائی بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کو آسان بنانے کے لیے کئی اہم فیصلے کیے ہیں۔ اس سے ہندوستان کی زراعت، دواء، ٹیکسٹائل اور انجینئرنگ کے سامان کی برآمدات کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ساتھ ہی بائیو ٹیکنالوجی، لائف سائنسز، بینکنگ، انشورنس، فوڈ پروسیسنگ اور پائیدار ترقی جیسے شعبوں میں نئی سوئس سرمایہ کاری/5

سوئس صدر کو مودی کے تحفے

ہندوستانی پیپر، کشمیری اخروٹ کا پینل

نئی دہلی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے پیر کو سوئس صدر گائے پارملین کو تین خصوصی ہندوستانی پیپر مگ، کونارک اور میز - اور ہاتھ سے تراشے ہوئے کشمیری اخروٹ کی لکڑی کا دیوار پینل تحفے میں دیا، جو پیپر بنانے اور دستکاری کی ہندوستان کی بھرپور اور بڑھتی ہوئی روایات کو ظاہر کرتا ہے۔ پارملین نے پیر کو ہندوستان کا اپنا تین روزہ دورہ شروع کیا۔ یہ ملک کا ان کا پہلا سرکاری دورہ ہے اور اس سال ان کا دوسرا دورہ ہے، اس سے قبل فروری میں اے آئی/4

SIR فیصلوں پر سپریم کورٹ نے گیانیش کمار کی یکطرفہ معطلی سے انکار کیا

عدالت پہلے الیکشن کمیشن اور دیگر مدعا علیہان کا موقف سنے گی

نئی دہلی/ یو این آئی/ سپریم کورٹ نے پیر کے روز چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو معطل کرنے کا مطالبہ کرنے والی درخواست پر کوئی بھی یکطرفہ عبوری حکم جاری کرنے سے انکار کر دیا۔ عدالت نے واضح کیا کہ خصوصی جامع نظرثانی (ایس آئی آر) سے جڑے اہم فیصلے چیف الیکشن کمشنر کے یکطرفہ طور پر لیے جانے کے الزامات پر وہ پہلے الیکشن کمیشن اور دیگر مدعا علیہان کا موقف سنے گی۔ چیف جسٹس سوریا کانت کی سربراہی والی بنچ نے درخواست پر مرکزی حکومت، الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار، الیکشن کمشنرز ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو اور ڈاکٹر وویک جوشی، ڈپٹی الیکشن کمشنر منیش گرگ (آئی اے ایس) اور ڈائریکٹر جنرل (آئی پی) سیما کھنہ کو نوٹس جاری کیا۔ بنچ میں چیف جسٹس کے ساتھ جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا بھی شامل ہیں۔ یہ درخواست 'دی انڈین ایکسپریس' کی اس رپورٹ کے بعد دائر کی گئی تھی، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ دو دیگر الیکشن کمشنروں کے اعتراضات کے باوجود چیف الیکشن کمشنر نے الیکشن کمیشن کے نام پر ایس آئی آر سے متعلق 14 اہم فیصلے لیے۔ درخواست گزار راکیش کمار سنگھ کی طرف سے پیش ہونے والے سینئر وکیل وکاس سنگھ نے حق رائے دہی کے تحفظ کے لیے عبوری اقدام کو ضروری قرار دیتے ہوئے گیانیش کمار کو فوری طور پر معطل کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے ای سی آئی ایکٹ کا حوالہ دیا/8

اننت ناگ میں خاتون کے گھر پر چھاپہ

2 فون اور سم کارڈ ضبط

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر پولیس کاؤنٹر انٹیلی جنس (سی آئی کے) ونگ نے دہشت گردی سے متعلق تحقیقات کے سلسلے میں جنگلات منڈی اننت ناگ کے علاقے میں ایک مکان پر چھاپہ ڈالا اور تلاشی کارروائی عمل میں لائی، جس کے دوران 2 سیل فون اور سم کارڈ چھاپہ مار ٹیم نے اپنی تحویل میں لے لئے۔

سرحد کے قریب دو بارودی سرنگیں برآمد

فوج نے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیں

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع پونچھ میں لائن آف کنٹرول کے قریب فوج نے دو بارودی سرنگوں کا سراغ لگا کر انہیں محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ حکام کے مطابق فوجی اہلکار معمول کی گشت کے دوران باسونی ٹاپ کے قریب سرحدی باڑ کے نزدیک پہنچے تو صبح تقریباً 9 بج کر 50 منٹ پر انہیں مشتبہ دھماکہ خیز آلات نظر آئے۔ بارودی سرنگوں کی موجودگی کا پتہ چلتے ہی علاقے کو فوری طور پر گھیرے میں لے لیا گیا اور آمد و رفت محدود کر دی گئی۔ بعد ازاں فوج/11

چرس، ہیروئین اور ہزاروں روپے مالیت کے انڈین کرنسی نوٹ برآمد

اننت ناگ کے مختلف علاقوں میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

سرینگر/ اے پی آئی/ نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان اور زیرو ٹالرنس کے موقف پر عمل کرتے ہوئے پولیس نے جنوبی کشمیر میں 6 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے نشہ آور مواد برآمد کرنے کا دعویٰ کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر نشہ مکت ابھیان اور منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس کے موقف کو اپناتے ہوئے جنوبی کشمیر اننت ناگ میں پولیس نے دو الگ الگ کارروائیوں کے دوران 6 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل میں لا کر ان کے قبضے سے نشہ آور اشیاء برآمد کرنے کا دعویٰ کیا۔ پولیس کی جانب سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق منشیات کے پھیلاؤ کے خلاف جاری کارروائی رکھتے ہوئے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر چھاپے مار کر افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سری گفوارہ پولیس نے خورشید احمد ملک کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 70 گرام چرس برآمد کی جبکہ بجبہاڑہ میں پولیس نے عبید مجید شاہ کو تلاشی کے دوران 15 گرام چرس برآمد کر کے اُسے سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا۔ وو زین علاقے میں تلاشی کے دوران پولیس نے محمد شمیم داس کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 15 گرام چرس برآمد کی جبکہ بجبہاڑہ میں/6

جموں کشمیر میں غیر قانونی طور پر مقیم 150 بنگلہ دیشی نکالے گئے

طیارے کے ذریعے سرینگر سے مغربی بنگال کے بگڈوگرا پہنچائے گئے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر حکام نے یونین ٹیریٹری میں غیر قانونی طور پر مقیم 150 بنگلہ دیشی شہریوں کو ملک بدر کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم ان افراد کو خصوصی بھارتی فضائیہ کے طیارے کے ذریعے سری نگر سے مغربی بنگال کے بگڈوگرا پہنچایا گیا، جہاں انہیں بارڈر سیکورٹی فورس کے اہلکاروں کے حوالے کر دیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ملک بدری کا عمل مرحلہ وار جاری ہے۔ اسی سلسلے میں مزید 150 بنگلہ دیشی شہریوں کو 7 اکتوبر کو جموں و کشمیر سے ملک بدر کیے جانے کا امکان ہے۔ حکام کے مطابق یونین ٹیریٹری میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی شہریوں کی شناخت اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کے سلسلے میں یہ اقدام کیا جا رہا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پہلے مرحلے میں 150 بنگلہ دیشی شہریوں کو خصوصی طیارے کے ذریعے بگڈوگرا منتقل کیا گیا، جہاں سے انہیں متعلقہ حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

کامن ڈکٹ پالیسی 2026 جدید شہری انفراسٹرکچر کی طرف ایک بڑا اقدام/ وزیر اعلیٰ

پالیسی کا مقصد یوٹیلیٹی نیٹ ورکس بچھانے اور مرمت کرنے کیلئے بار بار سڑکیں کاٹنے سے روکنا



سرینگر/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کامن ڈکٹ پالیسی 2026 کو جدید شہری انفراسٹرکچر کو جدید بنانے، یوٹیلیٹی مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور جموں وکشمیر بھر میں صاف ستھرے اور زیادہ منظم شہر بنانے کی طرف ایک بڑا اقدام قرار دیا۔ وزراء کی کونسل کی منظوری کے بعد حکومت نے جموں وکشمیر کامن ڈکٹ پالیسی 2026 کو نوٹیفائی کر دیا ہے، جو بجلی، پانی، ٹیلی کام، گیس، سیوریج اور ڈیجیٹل نیٹ ورکس کیلئے مشترکہ زیر زمین یوٹیلیٹی کوریڈورز کا ایک فریم ورک قائم کرتی ہے۔ اس پالیسی میں نئی سڑکوں کی منصوبہ بندی اور تعمیر میں کامن ڈکٹس کو شامل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ موجودہ انفراسٹرکچر کی مرحلہ وار ریٹروفٹنگ کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ یہ راوق (آر او ڈبلیو) کلیئرنسز کیلئے سنگل ونڈو میکانزم کے ذریعے ایک مربوط فریم ورک متعارف کراتی ہے اور یوٹیلیٹی سروس فراہم کنندگان کے درمیان لاگت کی تقسیم کے انتظامات فراہم کرتی ہے۔ پالیسی میں اسمارٹ آئی او ٹی اور جی آئی ایس پر مبنی سسٹم کے ذریعے ڈیجیٹل اثاثہ جات کی میپنگ اور حقیقی وقت میں خرابیوں کا پتہ لگانے کا بھی انتظام ہے، جس کی مدد "کال بلا ریوڈگ" پلیٹ فارم سے حاصل ہوتی ہے۔ اس سے ایجنسیاں اور یوٹیلیٹی/9

سانبہ میں جائیداد کے تنازع پر شخص کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا

جموں/ حکام نے بتایا کہ پیر کی شام جموں وکشمیر کے ضلع سانبہ میں جائیداد کے مبینہ تنازع پر 36 سالہ شخص کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ فائرنگ کے بعد ملزم کو گرفتار کر لیا گیا اور واردات میں استعمال ہونے والا ہتھیار بھی برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کی ابتدائی تفتیش کے مطابق، وجے پور کے علاقے میں واقع گاؤں 'جاکھ' (Jakh) میں شام تقریباً 6:30 بجے آتش شرما عرف 'موٹی' سپاہی کے واقف کار شخص نے فائرنگ کی۔ حکام نے بتایا کہ شرما کے سر میں گولی لگی اور وہ موقع پر ہی ہلاک ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ شخص جائے وقوعہ پر کار میں سوار ہو کر آیا تھا اور اس کے ساتھ کچھ دیگر افراد بھی تھے جو فائرنگ کے بعد فرار ہو گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی ایک ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچی اور مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ انہوں نے بتایا کہ قتل کے سلسلے میں ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے اور دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

این سی ترجمان تنویر صادق کا پی ڈی پی پر دوہرے معیار کا الزام

"ہلہ بول" میں بیوروکریسی پر منتخب حکومت میں رکاوٹ ڈالنے کا دعویٰ

سرینگر/ یو پی آئی/ نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما اور رکن اسمبلی تنویر صادق نے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی پر سیاسی اتحاد کے معاملے میں دوہرے معیار اپنانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیوروکریسی کی مبینہ مداخلت جموں وکشمیر کی منتخب حکومت کے کام کاج کو متاثر کر رہی ہے۔ سرینگر میں منعقدہ 'ہلہ بول' پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے تنویر صادق نے پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کے جموں وکشمیر سے متعلق مسائل کو نئی دہلی کے جنتر منتر پر اٹھانے کے موقف پر سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر معافی مانگنی ہے تو معافی مانگی جائے، لیکن وضاحتوں کے ذریعے معاملے کو درست ثابت کرنے کی کوشش نہیں ہونی چاہیے۔ تنویر صادق نے محبوبہ مفتی کے سیاسی اتحاد کے مطالبے پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر مقصد اگست 2019 کے بعد کی صورتحال کو تبدیل کرنا ہے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ موجودہ صورتحال تک جموں وکشمیر کو کس نے پہنچایا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محبوبہ مفتی کے بیانات اور عملی اقدامات میں تضاد ہے اور جنتر منتر/7

IAS اور IPS افسران کے خلاف FIR، گرفتاری اور تحقیقات کی اطلاع 48 گھنٹوں میں دینا لازمی

طویل رخصت پر افسران کی جانچ، زیر التواء تادیبی معاملات کی تفصیلات 15 اکتوبر تک فراہم کرنے کی ہدایت

سرینگر/ اے پی آئی/ مرکزی وزارت داخلہ کی جانب سے غیر معمولی فیصلہ، تمام مرکزی زیر انتظام علاقوں کی حکومتوں کو ہدایت دی گئی کہ آئی اے ایس، آئی پی ایس افسران کے خلاف ایف آئی آر، گرفتاری اور تحقیقات کی اطلاع 48 گھنٹوں میں مرکزی وزارت داخلہ کو فراہم کریں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق مرکزی وزارت داخلہ نے تمام مرکزی زیر انتظام علاقوں کی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ آئی اے ایس، آئی پی ایس ڈیپوٹیشن افسران سے متعلق کسی بھی ایف آئی آر، گرفتاری، عدالت کے ناموافق حکم یا تحقیقاتی ایجنسیوں کی جانب سے کی جانے والی کارروائیوں کی اطلاع 48 گھنٹوں کے اندر اندر دی جانی چاہیے۔ ہدایت میں سی بی آئی، انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور انسداد بدعنوانی بیورو (اے سی بی) سمیت مختلف تحقیقاتی ایجنسیوں کی جانب سے کی جانے والی کارروائیوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس حکم کا مقصد اعلیٰ سطح کے سول اور پولیس افسران سے متعلق فوجداری مقدمات، تحقیقات اور تادیبی معاملات کے بارے میں مرکز کو فوری طور پر باخبر رکھنا ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق مقامی حکومتوں کی جانب سے ایسے معاملات کی اطلاع دینے میں تاخیر کے مشاہدے کے بعد وزارت داخلہ نے یہ فیصلہ کیا۔ طویل رخصت پر موجود افسران بھی جانچ کے دائرے میں لائے گئے۔ وزارت داخلہ نے طویل عرصے سے رخصت پر موجود افسران کے معاملات کا بھی تفصیلی جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے۔ حکام سے کہا گیا ہے کہ وہ افسران کے رخصتی ریکارڈ، رخصت کی نوعیت و مدت، دی گئی توسیع اور افسر کے بتائے گئے قیام کے جگہ کی تصدیق کریں۔ وزارت نے یہ بھی ہدایت دی ہے کہ تنخواہ صرف منظور شدہ رخصت کی مدت کیلئے ادا کی جائے جبکہ اضافی ادائیگی کی نشاندہی ہونے کی صورت میں متعلقہ قواعد کے تحت رقم کی وصولی کی جائے/10

جموں وکشمیر پنجابی ساہتیہ سبھا سرینگر کا 59واں سالانہ دن منایا گیا

پنجابی زبان وادب کے فروغ اور نئی نسل کو ثقافتی ورثے سے جوڑنے پر زور

سری نگر/ 05 اکتوبر// جے اینڈ کے پنجابی ساہت سبھا سری نگر نے جموں و کشمیر اکیڈمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لنگویجز کے اشتراک سے ٹیگور ہال سری نگر میں پنجابی ساہت سبھا سری نگر کے 59 ویں سالانہ دن موقع پر ایک روزہ پنجابی سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں جموں و کشمیر کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے ممتاز پنجابی مصنفین، شعرا، ماہرین تعلیم، دانشور اور ادب سے وابستہ شائقین نے شرکت کی۔ تقریب میں پنجابی زبان و ادب کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ سبھا اور کلچرل اکیڈمی کی جانب سے کی جانے والی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کو پیش کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری کلچرل اکیڈمی ہرویندر کور، صدر پنجابی ساہت سبھا سری نگر آر ایس راجن، معروف پنجابی شاعر و ادیب اجیت سنگھ مستانہ اور کلچرل اکیڈمی کے 'شیرازہ پنجابی' کے مدیر پوپندر سنگھ پارس سمیت دیگر ممتاز شخصیات موجود تھیں۔ آر ایس راجن نے مہمانوں اور شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے پنجابی ساہت سبھا سری نگر کی سرگرمیوں اور کامیابیوں پر روشنی ڈالی اور اس کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے اس سالانہ تقریب کے انعقاد میں تعاون اور اشتراک کے لیے کلچرل اکیڈمی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر اجیت سنگھ مستانہ نے خطاب کرتے ہوئے پنجابی ساہت سبھا سری نگر۔۔۔/112

سابق وزیر سکھ نندن چودھری اور آئی ایف ایس افسران کی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے لوک بھون میں ملاقات

سری نگر، 5 اکتوبر//// جموں و کشمیر کے سابق وزیر سکھ نندن چودھری نے آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ دریں اثنا، 2024 بیچ کے انڈین فاریسٹ سروس کے افسران کے ایک گروپ نے آج لوک بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ ورکنگ پلان، تحقیق و تربیت کے چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ ڈاکٹر ایم کے کمار بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران نوجوان افسران نے لیفٹیننٹ گورنر کو جموں و کشمیر میں اپنی فیلڈ خدمات اور تجربات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مرکز کے زیر انتظام خطے میں جاری اہم ماحولیاتی اور ترقیاتی اقدامات کے حوالے سے اپنے مشاہدات اور تجربات بھی شیئر کیے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے افسران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کے سرکاری خدمت کے سفر میں کامیابی اور موثر کردار کے لیے دعا کی۔ افسران کے گروپ میں انو بھو جین، انوشا کول، معصوم، شاتا فیض اور شبنم کنا دیپا شامل تھے۔

ضلع اننت ناگ میں فوڈ سیفٹی ٹیم کی معائنہ مہم

اننت ناگ، 5 اکتوبر//// فوڈ سیفٹی ٹیم اننت ناگ نے آج ضلع بھر میں کھانے پینے کی اشیا فروخت کرنے والے مراکز کا معائنہ کیا اور مقررہ غذائی تحفظ کے معیار اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی پابندی کا جائزہ لیا۔ معائنہ مہم کے دوران ٹیم نے خصوصی طور پر کھانے میں مصنوعی رنگوں کے استعمال، کھانا لپیٹنے یا پیش کرنے کے لیے چھپے ہوئے اخبارات کے استعمال، کھانا پکانے کے تیل کو بار بار استعمال کرنے اور کھانے پینے کے مراکز میں مجموعی صفائی و حفظانِ صحت کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ معائنہ کے دوران کھانے کی دو اشیا کے نمونے حاصل کرکے تفصیلی تجزیے کے لیے لیبارٹری بھیج دیے گئے۔ اس کے علاوہ 6 غذائی کاروباری ادارے فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز ایکٹ اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط کی مختلف دفعات کی۔۔۔/102

نیشنل کانفرنس ضلع سرینگر کی مجلس عاملہ کا خصوصی اجلاس

تنظیم کی بالادستی اور آئینِ اساسی پر عمل ہی کامیابی کی ضمانت/ ڈاکٹر فاروق عبداللہ

سرینگر// جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ کسی بھی تنظیم کی سب سے بڑی کامیابی اس کی بالادستی، اندرونی ربط و ضبط اور آئین و دستور کی پاسداری میں مضمر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کا نیا کشمیر منشور، پارٹی کا ایجنڈا اور آئین اساسی ہماری تنظیم کا عظیم سرمایہ ہیں اور پارٹی سے وابستہ ہر فرد کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ ان اصولوں اور ضابطوں پر من و عن عمل کرے۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے پارٹی ہیڈکوارٹر نوائے صبح کمپلیکس میں ضلع سرینگر کی مجلس عاملہ کے اراکین، بشمول ضلع سے تعلق رکھنے والے تمام ممبرانِ اسمبلی کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔۔۔۔/105

خدمت سنکلپ مہم کے تحت خواتین، بچوں اور نوجوانوں کی بہبود پر توجہ

ست شرما کا عوامی فلاحی اسکیموں سے استفادہ یقینی بنانے پر زور

پورمنڈل/ ابھکو/ وجے پور، 5 اکتوبر// خدمت سنکلپ مہم کے تحت پورمنڈل اور وجے پور میں زمینی سطح پر عوامی رابطہ مہم جاری رہی، جس کے دوران خواتین، بچوں، فلاحی اسکیموں سے متعلق بیداری اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ جموں و کشمیر بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا رکن ست شرما نے رکن اسمبلی چندر پرکاش گنگا کے ہمراہ آئی سی ڈی ایس پورمنڈل میں منعقدہ آنگن واڑی اجلاس اور وجے پور کے ابھکو میں واقع شری رام یونیورسل اسکول میں مباحثہ و مصوری مقابلے میں شرکت کی۔ اس موقع پر جموں و کشمیر بی جے پی کے نائب صدر رشپال ورما اور ریکھا مہاجن کے علاوہ ضلع صدر آشا رانی بھی موجود تھیں۔ آنگن واڑی اجلاس سے خطاب کرتے

ہوئے ست شرما نے کہا کہ عوامی خدمت کا اصل مقصد فلاحی اقدامات کو زمینی سطح تک پہنچانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ مستحق افراد سرکاری فلاحی اسکیموں سے باخبر ہوں اور ان سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی کارکنان اور معاونین بچوں کی غذائیت، ماؤں کی صحت اور خواتین سے متعلق فلاحی اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ست شرما نے کہا کہ خدمت اسی وقت بامعنی بنتی ہے جب وہ آخری فرد تک پہنچے۔۔۔/104

ڈاکٹر درخشان نے چرارِ شریف میں سباط کمپلیکس

اور ہائی ٹیک کانفرنس ہال کا افتتاح کیا

چرار شریف (بڈگام)، 5 اکتوبر// چیئرپرسن، جموں و کشمیر وقف بورڈ، ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج بڈگام کے چرار شریف میں حضرت شیخ نورالدین نورانی ؟ کی متبرک زیارت شریف پر نو تعمیر شدہ سباط کمپلیکس اور ہائی ٹیک کانفرنس ہال کا افتتاح کیا۔ ڈاکٹر اندرابی کے ہمراہ وقف بورڈ کے اراکین ڈاکٹر غلام نبی حلیم اور سید محمد حسین حقانی کے علاوہ جموں و کشمیر وقف بورڈ کے تحصیلدار و ایگزیکٹو مجسٹریٹ اشتیاق محی الدین بھی موجود تھے۔ نو تعمیر شدہ سہولیات چرار شریف میں جاری ترقیاتی عمل میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں اور جموں و کشمیر کے اہم مذہبی و روحانی مراکز میں بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے جموں و کشمیر وقف بورڈ کی مسلسل توجہ کی عکاسی کرتی ہیں۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے ان ترقیاتی منصوبوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے۔۔۔/103

بارہمولہ میں غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائی، 4 گاڑیاں ضبط

بارہمولہ، 5 اکتوبر// غیر قانونی کان کنی، معدنی مواد نکالنے اور اس کی غیر قانونی نقل و حمل کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت بارہمولہ پولیس نے الگ الگ کارروائیوں میں غیر قانونی طور پر نکالا گیا معدنی مواد منتقل کرنے میں ملوث چار گاڑیاں ضبط کر لیں۔ رات کی گشت کے دوران پولیس پوسٹ دلنہ نے ایک ٹپر کو روک کر ضبط کیا، جس کی رجسٹریشن نمبر JK01T-4283 ہے۔ گاڑی میں غیر قانونی طور پر نکالی گئی ریت منتقل کی جا رہی تھی۔ اسی طرح کنزر میں پولیس اسٹیشن کنزر نے محکمہ ارضیات و کان کنی کے اہلکاروں کے ساتھ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دو ٹریکٹر ضبط کیے۔ ان کے رجسٹریشن اور چیسس نمبر JK05C-1573 اور BZIDF52305 ہیں۔ دونوں گاڑیاں غیر قانونی طور پر نکالا گیا معدنی مواد لے جا رہی تھیں۔ ایک اور۔۔۔/106

چرارِ شریف میں عرس کی تیاریوں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر بدگام نے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی

بڈگام، 5 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے آج چرار شریف کا دورہ کرکے آئندہ منعقد ہونے والے عرس کے سلسلے میں انتظامات اور زائرین کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے بزرگ دین شیخ نورالدین نورانیؒ کی مقدس زیارت گاہ پر حاضری دی اور جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اس دوران زیر تعمیر گیسٹ ہاؤس کا بھی جائزہ لیا گیا، جس میں 12 کمرے اور دو ہال شامل ہیں۔ کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مقامی باشندوں اور دیگر متعلقین سے بات چیت کی اور انہیں یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر زیر غور لایا جائے گا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے ٹاؤن ہال چرار شریف میں متعلقہ افسران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے عرس کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے محکمہ بجلی کو بلا خلل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے اور متبادل انتظامات تیار رکھنے کی ہدایت دی۔ محکمہ جل شکتی کے افسران کو وافر پانی کی فراہمی اور پانی کے ٹینکروں کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے۔۔۔/107

مندیپ کور نے 'امرت 2.0' کے تحت بارہمولہ، سوپور اور پٹن کیلئے

جی آئی ایس پر مبنی ماسٹر پلانز کے سلسلے میں شراکت داروں کی مشاورتی میٹنگ کی صدارت کی

بارہمولہ/ 05 اکتوبر// کمشنر سیکرٹری محکمہ مکانات و شہری ترقی مندیپ کور نے آج ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں 'امرت 2.0' کے تحت بارہمولہ، سوپور اور پٹن کے لئے تیار کیے جا رہے جی آئی ایس پر مبنی ماسٹر پلانز کے مسودے پر غور و خوض کرنے کے لئے شراکت داروں کی ایک جامع مشاورتی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں رکن اسمبلی بارہمولہ جاوید حسن بیگ، ممبر اسمبلی سوپور ارشاد رسول کار، رکن اسمبلی پٹن ریاض بیدار، ممبر اسمبلی واگورہ کریری عرفان حفیظ لون، ضلع ترقیاتی کمشنر بارہمولہ ایس ایف حامد، ایڈیشنل ڈیولپمنٹ کمشنر بارہمولہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بارہمولہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوپور، محکمہ مکانات و شہری ترقی اور دیگر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران، عوامی نمائندوں، شراکت داروں، مختلف تنظیموں کے نمائندوں اور سول سوسائٹی کے اراکین نے

شرکت کی۔ میٹنگ کے شروعات میں ماسٹر پلانز کے مسودے پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی گئی، جس میں ان تینوں قصبوں کی منظم اور دیرپا ترقی کے لئے اہم دفعات، منصوبہ بندی کے مجوزہ اقدامات، زمین کے استعمال سے متعلق امور، بنیادی ڈھانچے کی ضروریات، ترقیاتی ترجیحات اور دیگر پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا۔ کمشنر سیکرٹری نے شرکا کے ساتھ مسودہ منصوبوں کی مختلف دفعات پر تفصیلی بات چیت کی اور ان سے تجاویز اور آرا طلب کیں۔ منتخب نمائندوں اور دیگر شراکت داروں نے شہری ترقی، بنیادی ڈھانچے۔۔۔/108

ڈپٹی کمشنر کولگام نے مشن یوا کے نفاذ اور پیش رفت کا جائزہ لیا

مستحق نوجوانوں کو بروقت مالی وادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کی ہدایت

کولگام، 5 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آج کانفرنس ہال کولگام میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مشن یوا کے نفاذ اور اس کے تحت ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ یہ اجلاس مشن یوا کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ضلع میں جی ڈی آئی ٹیم کے دورے کے سلسلے میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مستفیدین کے لحاظ سے پیش رفت، زیر عمل درخواستوں، قرضوں کی منظوری، بینکوں سے رابطے، کاروباری اداروں کے قیام اور مشن یوا کے مجموعی نفاذ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ مستفیدین کو موثر رہنمائی اور مسلسل معاونت فراہم کریں، زیر التوا معاملات کو تیزی سے نمٹائیں اور ایس بی ڈی یو، بی ایچ ڈی، بینکوں، جے کے ای ڈی آئی اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر تال میل یقینی بنائیں، تاکہ اہل نوجوانوں کو بروقت مالی اور ادارہ جاتی معاونت حاصل ہو سکے۔ نتائج پر مبنی حکمت عملی پر زور دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مشن یوا کی کامیابی کا اندازہ صرف کارروائی مکمل ہونے والی درخواستوں یا منظور شدہ قرضوں کی تعداد سے نہیں لگایا جائے گا بلکہ اس بات سے لگایا جائے گا کہ کتنے قابل عمل کاروباری ادارے قائم ہوئے، پائیدار روزگار کے۔۔۔/111

سیمی کنڈکٹر اور 'میک اِن انڈیا' میں بڑی پیش رفت

ملک کو نئی صنعتی بلندیوں کی طرف لے جا رہی ہے/ انجینئر غلام علی کھٹانہ

سرینگر، 5 اکتوبر//// راجیہ سبھا کے رکن اور بی جے پی رہنما انجینئر غلام علی کھٹانہ نے بھارت میں سیمی کنڈکٹر اور مینوفیکچرنگ شعبوں میں بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کے دور میں ہونے والی پیش رفت سے جدید ٹیکنالوجی اور صنعتی پیداوار کے میدان میں ملک کی پوزیشن مزید مضبوط ہوئی ہے۔ کھٹانہ نے کہا کہ بھارت کا سیمی کنڈکٹر مشن محض اعلانات سے آگے بڑھ کر پیداوار، تجارتی سطح پر فروخت اور مقامی سطح پر تیاری کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چھ ریاستوں میں تقریباً ایک لاکھ 65 ہزار کروڑ روپے مالیت کے سیمی کنڈکٹر منصوبے تیار کیے جا رہے ہیں، جبکہ عالمی سطح پر چپ ڈیزائن اور وی ایل ایس آئی

افرادی قوت میں بھارت کا حصہ تقریباً 20 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر کے شعبے میں ترقی سے بھارتی انجینئروں، محققین اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کے لیے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور اہم ٹیکنالوجی کے میدان میں ملک کا کردار مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ 'میک اِن انڈیا' کے حوالے سے کھٹانہ نے پیداوار سے منسلک ترغیبی اسکیموں کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ان اسکیموں کے ذریعے 2.58 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری۔۔۔/110

ڈی سی بانڈی پورہ نے ضلع کیپیکس بجٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا

زیر التوا کاموں میں تیزی لانے اور مقررہ مدت میں تکمیل کی ہدایت

بانڈی پورہ، 5 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے پیر کے روز منی سیکریٹریٹ میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع کیپیکس بجٹ 2026-27 کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کی طبعی اور مالی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو کاموں میں تیزی لانے اور دستیاب فنڈز کے بہترین استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اجلاس کے دوران ضلع مانیٹرنگ پورٹل پر درج اعداد و شمار کی بنیاد پر مختلف شعبوں میں کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ مالی سال 2026-27 کے دوران ضلع کیپیکس بجٹ کے تحت مجموعی طور پر 2,087 کام شروع کیے گئے ہیں، جن میں 1,966 نئے اور 120 جاری کام شامل ہیں۔ ان میں سے

1,870 منصوبوں اور کاموں کو انتظامی منظوری دی جا چکی ہے، جبکہ 96 کاموں کے تخمینے زیر التوا ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ 1,503 کاموں کے لیے ٹینڈر جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ 1,195 منصوبوں اور کاموں کی عمل درآمد کے لیے الاٹمنٹ بھی ہو چکی ہے۔ اب تک مجموعی طور پر 175 کام مکمل کیے گئے ہیں، جن میں 54 جاری اور 121 نئے کام شامل ہیں۔ مالی پیش رفت کے حوالے سے بتایا گیا کہ 47.57 کروڑ روپے کی رقم منظور شدہ ہے۔۔۔/109

ڈول ڈیمب علاقے کی خوبصورتی اور ترقی کا جائزہ

جے کے ایل سی ایم اے کے وائس چیئرمین کا معائنہ

سرینگر، 5 اکتوبر//// جموں و کشمیر جھیل تحفظ و انتظامی اتھارٹی کے وائس چیئرمین خورشید احمد شاہ نے آج ڈول ڈیمب علاقے کا تفصیلی دورہ کرکے آبی ذخیرے اور اس کے گرد و نواح کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور علاقے کی خوبصورتی و ترقی کے امکانات کا معائنہ کیا۔ وائس چیئرمین کے ہمراہ سپرنٹنڈنگ انجینئر، کلکٹر لینڈ ایکوزیشن، ایف اے اینڈ سی اے او، جھیل ڈویژن اول اور جھیل ڈویژن دوم کے ایگزیکٹو انجینئرز، ٹیکنیکل افسر، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئرز، جونیئر انجینئرز اور اتھارٹی کے دیگر افسران و اہلکار موجود تھے۔ وائس چیئرمین نے علاقے کو منصوبہ بند اور پائیدار انداز میں ترقی دینے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ہدایت دی کہ تزئین و آرائش کے منصوبے میں جدید منظرنامہ سازی، موزوں شجرکاری، بہتر پیدل راستے، خوبصورتی کے عناصر اور دیگر ضروری سہولیات شامل کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آبی ذخیرے کی۔۔۔/101

ڈی ایل ایس اے سری نگر کی جانب سے قانونی آگاہی کے پروگرام منعقد

سرینگر، 05 اکتوبر//// ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی (DLSA) سری نگر نے، نصیر احمد ڈار، چیئرمین ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی (ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج) سری نگر کی رہنمائی اور سیکریٹری DLSA سرینگر کی مجموعی نگرانی میں، وہاں کے مختلف تعلیمی اداروں اور لیگل کلینکوں کے ذریعے قانونی بیداری کے پروگراموں کا ایک سلسلہ چلایا۔ لیگل لٹریسی کلب میں تعینات PLV کی جانب سے بلالیہ اسکول میں ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلباء کو جنسی جرائم سے بچوں کے تحفظ (POCSO) ایکٹ، 2012 کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ طلباء کو جنسی زیادتی اور استحصال کے خلاف بچوں کے لیے دستیاب حفاظتی تدابیر سے آگاہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ قانونی معاونت کی اہمیت اور وقت کی تلاش میں بھی۔ کشمیر۔۔۔/114

گرین انڈیا مشن کے ضلعی رہنما کمیٹی کا اجلاس

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ کی صدارت میں ڈپٹی کمشنر دفتر میں منعقد ہوا

کپواڑہ، 5 اکتوبر//// گرین انڈیا مشن کے ضلعی رہنما کمیٹی کا اجلاس آج ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوس کی صدارت میں ڈپٹی کمشنر دفتر میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کپواڑہ کے لیے مالی سال 2026-27 سے 2031-32 تک گرین انڈیا مشن کے جامع منصوبے پر غور کرکے اسے منظوری دی گئی۔ اجلاس کے آغاز میں ڈویژنل فاریسٹ آفیسر کمراج نے گرین انڈیا مشن کے مقاصد اور مختلف اجزا، گزشتہ جامع منصوبے کے تحت حاصل کی گئی کامیابیوں اور آئندہ منصوبہ بندی کے عرصے کے لیے مجوزہ اقدامات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ گرین انڈیا مشن موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے قومی ایکشن پلان کے تحت آٹھ اہم مشنز میں شامل ہے۔ اس مشن کے ذریعے قدرتی مناظر کی بنیاد پر عوامی شراکت داری کے ساتھ جنگلات اور درختوں کے رقبے میں اضافہ، تباہ شدہ علاقوں کی بحالی، ماحولیاتی خدمات کو مضبوط بنانے اور جنگلات پر انحصار کرنے والی آبادی کے روزگار کو بہتر بنانے پر توجہ دی جاتی ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ گزشتہ جامع منصوبے کے تحت 541.40 ہیکٹر کے ہدف کے مقابلے میں 409.36 ہیکٹر رقبے پر کام مکمل کیا گیا، جبکہ ایک لاکھ 48 ہزار 470 پودے تیار یا لگائے گئے۔ اجلاس میں۔۔۔/113

بارہمولہ میں بھنگ کے خلاف کارروائی

سرکاری اراضی پر پھیلی جنگلی بھنگ تلف

بارہمولہ، 5 اکتوبر//// غیر قانونی فصلوں کی کاشت کے خلاف جاری مہم اور منشیات کے پھیلاؤ پر قابو پانے کی کوششوں کے تحت بارہمولہ پولیس نے آج چیک جہاں میر گاؤں میں بھنگ تلف کرنے کی کارروائی انجام دی۔ یہ کارروائی گاؤں کے مقامی باشندوں کے قریبی تعاون سے انجام دی گئی۔ کارروائی کے دوران سرکاری اراضی کے تقریباً ڈیڑھ کنال رقبے پر پھیلی جنگلی بھنگ کو موقع پر ہی تلف کر دیا گیا۔ پولیس نے منشیات کے پھیلاؤ کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ غیر قانونی فصلوں کی کاشت اور منشیات سے متعلق سرگرمیوں کی نشاندہی اور اطلاع دینے میں پولیس کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں۔

سرینگر ٹائمز

06 اکتوبر 2026ء بروز منگلوار

انٹرن ڈاکٹروں اور اساتذہ کے شکوے منسٹر سکینہ ایتو سے اُمیدیں

جموں وکشمیر سرکار کی وزارتی کونسل چونکہ مختصر ہے۔ اس لئے منسٹروں کو ضرورت سے زیادہ شعبہ جات کی قیادت کرنا پڑتی ہے۔اس سلسلہ میں سکینہ ایتو کے پاس نصف درجن کے قریب محکمے ہیں جن کی وہ نگرانی کررہی ہیں۔لیکن ان میں دو شعبے کافی اہمیت کے حامل ہیں۔یہ ہیں محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت۔بیک وقت ان محکمہ جات کا خوش اسلوبی سے چلانا آسان کام نہیں مگر سیاست کی دنیا میں کام صرف ایک منسٹر کے کاندھوں پر ہی نہیں ہوتا بلکہ سارا نظام بیوروکریٹ اور ان کے ماتحت سینکڑوں چھوٹے بڑے ملازمین بھی چلاتے ہیں۔ایک منسٹر کے پاس کافی پاور میں ہوتے ہیں اور ان اختیارات کا استعمال کرنے کیلئے دیگر سہولیات بھی میسر ہیں۔قیام کیلئے جگہ،آمدورفت کیلئے کاریں،حفاظت کیلئے سیکورٹی ٹریفک کے دوران رکاوٹیں دور کرنے کیلئے خصوصی عملہ توکرچاکر قدم قدم پر سواگت گاڑیوں کی کھڑکیاں کھولنے کیلئے خادم اور دفاتر میں آرام دہ کمرے اور گیسٹ روم وغیرہ وغیرہ دورِ حاضر میں ان سہولیات اور مراعات کے ہوتے ہوئے منسٹروں کی طرف سے بیک وقت مختلف محکموں کا نظم ونسق چلانا مشکل نہیں ہے۔سکینہ ایتو کے پاس جو دو محکمہ جات ہیں۔ان کا سیدھا تعلق عوام کے ساتھ ہے۔محکمہ صحت ہو یا محکمہ تعلیم دونوں میں سرگرمیوں کی کوئی حد نہیں ہے۔سرکاری ہسپتالوں میں رات دن کام چلانا اور سرکاری سکولوں میں لاتعداد بچوں بڑوں کو تعلیم دلانا بے شک کسی پہاڑ کی چوٹی کو سر کرنے کے مترادف ہوتا ہے۔لیکن کبھی کسی بھی محکمہ میں ملازمین کی طرف سے شکایات کے اظہار اور ان کے ازالہ کیلئے احتجاج کے دوران ملازمین اور حکمرانوں کے درمیان تناؤ پیدا ہونے سے عوامی مفادات کو زبردست نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔اس طرح کی سچویشن کو رونما ہونے سے روکنے میں اگر منسٹر کامیاب ہوجائے تو اس وزیر کے فرائض تو قابل تحسین قرار دیا جاسکتا ہے مگر بعض اوقات ضد اور ہٹ دھرمی سے صورتحال بگڑ جاتی ہے۔پچھلے دنوں سرکاری ہسپتالوں میں انٹرن ڈاکٹروں نے اپنی اُجرت کو انتہائی کم قرار دے کر احتجاج کا اعلان کیا۔اس کے نتیجہ میں مریضوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔انٹرن ڈاکٹروں نے احتجاج کو ہڑتال کا روپ دیا جس کے سبب معاملہ زیادہ سنگین بن گیا۔اس نازک صورتحال سے نمٹنے کیلئے وزیر صحت سکینہ نے پہلے تو مظاہرین کو انتباہ کیا کہ وہ واپس ڈیوٹی پر لوٹیں ورنہ قانون کے تحت کارروائی ہوگی مگر پھر اس بات پر اتفاق ہوا کہ حکومت کچھ مہلت کے بعد ڈاکٹروں کی مرادیں پورا کرے گی۔غالباً وہ ڈیڈ لائن ابھی قریب نہیں پہنچ گئی ہوگی۔اب انتظار اس بات کا ہے کہ حکومت اپنے قول پر قائم رہتی ہے یا نہیں۔

دریں اثناء ٹیچرس کی طرف سے گزشتہ دنوں ایک کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں سکینہ ایتو نے بطور وزیر تعلیم شرکت کی۔آپ نے کانفرنس کے انعقاد پر مسرت کا اظہار کیا اور اساتذہ کی خدمات ان کے رول اور کردار کو قابل تعریف قرار دیتے ہوئے یقین دلایا کہ رہبر تعلیم یا دیگر اُستادوں وغیرہ کی جو شکایات ہیں ان پر نہ صرف غور ہوگا بلکہ عملی کارروائی بھی ہوگی۔حسب توقع سکینہ ایتو نے اساتذہ صاحبان اور اُستانیوں کی خدمات کو پورے سماج اور معاشرے کیلئے انمول خزانہ سے کم قرار نہیں دیا۔آپ نے ان کے مطالبات کو جائز بھی کہا اور انہیں ان کے حق سے مالا مال کرنے کا یقین دلایا۔سکینہ ایتو کے ان ریمارکس کا اساتذہ نے تالیاں بجاکر خیر مقدم کیا لیکن سوال یہ ہے کہ کیا کانفرنس کے انعقاد کے بعد اساتذہ کے ساتھ کئے گئے وعدے پورے ہوں گے؟ کیا ان کے مطالبات کو "جائز" قرار دئے جانے کے باوجود التواء میں رکھا جائے گا۔

بھری مجلس ہو یا کھلی کانفرنس عموماً منسٹر جذبات میں آکر وہ سب کچھ کہتے ہیں جن کو کرنے سے وہ قاصر ہوتے ہیں۔جب عملی قدم اُٹھانے کی ضرورت ہوتی ہے تو معاملات کو یا تو فراموش کیا جاتا ہے یا سرد خانے کی زینت بنایا جاتا ہے۔صرف جلسوں کی ادائیگی سے معاملات حل نہیں ہوتے۔ڈاکٹروں اور ٹیچروں کی منسٹر سکینہ ایتو سے جو امیدیں ہیں ان کا پورا ہونا سب کی صحت کیلئے اچھا ہے۔

ننھے ہاتھ، میٹھی خوشیاں

فاطمہ حیدر

گھر میں بچوں کے ساتھ بسکٹ اور کوکیز بنانا صرف ایک مزیدار سرگرمی نہیں بلکہ ایک خوشگوار خاندانی تجربہ بھی ہے۔جب بچے والدین کے ساتھ باورچی خانے میں وقت گزارتے ہیں تو انہیں کھانا تیار کرنے کے ساتھ ساتھ صفائی، پیمائش، صبر، تعاون اور تخلیقی صلاحیتوں کا بھی عملی سبق ملتا ہے۔خاص طور پر بسکٹ اور کوکیز بنانا بچوں کے لیے دلچسپ ہوتا ہے، کیونکہ وہ آٹا گوندھنے، سانچے سے مختلف شکلیں بنانے اور اپنی پسند سے کوکیز سجانے میں بھرپور حصہ لے سکتے ہیں۔

گھر میں بسکٹ بنانے کے لیے بہت زیادہ مشکل یا مہنگی چیزوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔عام طور پر میدہ، چینی، مکھن، انڈا، بیکنگ پاؤڈر اور ونیلا ایسنس جیسی بنیادی اشیا کافی ہوتی ہیں۔اگر چاکلیٹ چپس، کشمش، خشک میوہ جات یا ناریل دستیاب ہوں تو انہیں بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔بچوں کے ساتھ کام کرتے وقت بہتر ہے کہ تمام اجزا پہلے سے ناپ کر ایک جگہ رکھ دیے جائیں تاکہ بچے آسانی سے ہر چیز کو پہچان سکیں اور مرحلہ وار ترکیب پر عمل کرنا سیکھیں۔

سب سے پہلے بچوں کو باورچی خانے کی صفائی اور ہاتھ دھونے کی اہمیت سمجھائیں۔اس کے بعد ایک بڑے پیالے میں نرم مکھن اور چینی ڈال کر اچھی طرح پھینٹیں۔یہ کام بچے بھی کرسکتے ہیں، لیکن چھوٹے بچوں کے لیے والدین کی نگرانی ضروری ہے۔جب مکھن اور چینی اچھی طرح مل جائیں تو انڈا اور تھوڑی سی ونیلا ایسنس شامل کریں۔بچے اس مرحلے میں اجزا ڈالنے میں مدد کرسکتے ہیں۔انہیں یہ بھی بتایا جاسکتا ہے کہ ہر چیز مقررہ مقدار میں ڈالنا کیوں ضروری ہے۔

اب میدہ اور بیکنگ پاؤڈر کو چھان کر اس آمیزے میں شامل کریں۔بچوں کو چمچ سے آہستہ آہستہ ملانے دیں۔جب آمیزہ نرم آٹے کی شکل اختیار کرلے تو اسے کچھ دیر کے لیے ٹھنڈی جگہ پر رکھ دیا جائے۔اس دوران بچے اپنے پسندیدہ کوکی کٹر منتخب کرسکتے ہیں۔ستارہ، دل، پھول، جانور یا دوسرے دلچسپ سانچوں کی مدد سے کوکیز کو مختلف شکلیں دی جاسکتی ہیں۔یہی مرحلہ بچوں کے لیے سب سے زیادہ تفریحی ثابت ہوتا ہے۔

آٹے کو ہلکا سا بیل کر بچے سانچوں سے بسکٹ کاٹ سکتے ہیں۔اگر بچے بہت چھوٹے ہوں تو والدین آٹا بیلنے میں مدد کریں اور انہیں صرف سانچے استعمال کرنے دیں۔تیار شدہ بسکٹ بیکنگ ٹرے پر مناسب فاصلے سے رکھے جائیں۔اس موقع پر بچوں کو بتایا جاسکتا ہے کہ بسکٹ کو ایک دوسرے سے تھوڑا دور رکھنا ضروری ہے، کیونکہ بیک ہونے کے دوران ان کا سائز بڑھ سکتا ہے۔

اوون کا استعمال ہمیشہ بڑوں کو کرنا چاہیے۔گرم اوون، بیکنگ ٹرے اور گرم بسکٹ بچوں کے لیے خطرناک ہوسکتے ہیں،اس لیے انہیں محفوظ فاصلے پر رکھا جائے۔والدین بسکٹ اوون میں رکھیں اور بچوں کو شیشے کے دروازے سے انہیں دیکھنے دیں۔کچھ ہی دیر میں باورچی خانے میں تازہ بیک ہونے والے بسکٹ کی خوشبو پھیل جائے گی، جو بچوں کے جوش میں مزید اضافہ کرے گی۔

بسکٹ تیار ہونے کے بعد انہیں مکمل طور پر ٹھنڈا ہونے دیں۔اس کے بعد بچوں کو سجاوٹ کا موقع دیا جاسکتا ہے۔چاکلیٹ، رنگین اسپرنکلز، ناریل یا تھوڑی سی آئسنگ استعمال کرکے کوکیز کو خوبصورت بنایا جاسکتا ہے۔بچے اپنی تخلیقی صلاحیت کے مطابق ہر کوکی کو مختلف انداز میں سجا سکتے ہیں۔اس طرح ایک سادہ بسکٹ بھی بچے کے لیے اپنی بنائی ہوئی خاص چیز بن جاتا ہے۔

گھر میں بچوں کے ساتھ کوکیز بناتے ہوئے والدین کو صفائی اور نظم وضبط بھی سکھانا چاہیے۔آٹا گرتا ہے، برتن استعمال ہوتے ہیں اور باورچی خانہ کچھ گندا ہوسکتا ہے، لیکن یہی موقع بچوں کو صفائی کی ذمہ داری سکھانے کے لیے بہترین ہے۔بیکنگ مکمل ہونے کے بعد بچے بڑے لوگوں کی مدد سے میز صاف کرسکتے ہیں، استعمال شدہ برتن ایک جگہ رکھ سکتے ہیں اور بچا ہوا سامان محفوظ کرنے میں مدد کرسکتے ہیں۔

اس سرگرمی کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ بچے ریاضی کی بنیادی مہارتیں بھی سیکھتے ہیں۔آدھا کپ، ایک چمچ، دو چمچ یا ایک سو گرام جیسی مقداریں ناپتے ہوئے انہیں گنتی اور پیمائش کا عملی تجربہ حاصل ہوتا ہے۔اسی طرح مختلف اجزا کے نام، رنگ، خوشبو اور ساخت بھی ان کے لیے ایک دلچسپ تعلیمی تجربہ بن جاتے ہیں۔

سب سے بڑھ کر، بچوں کے ساتھ بسکٹ اور کوکیز بنانا خاندان کو ایک دوسرے کے قریب لاتا ہے۔اس دوران ہنسی مذاق، گفتگو اور مل کر کام کرنے سے خوبصورت یادیں بنتی ہیں۔ضروری نہیں کہ ہر بسکٹ بالکل ایک جیسا بنے؛ بچوں کی بنائی ہوئی ٹیڑھی میڑھی شکلیں بھی ان کے لیے خاص ہوتی ہیں۔والدین کو چاہیے کہ غلطیوں پر ناراض ہونے کے بجائے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں تجربہ کرنے کا موقع دیں۔

تازہ بسکٹ اور کوکیز کو چائے، دودھ یا جوس کے ساتھ سب مل کر کھایا جاسکتا ہے۔یوں ایک معمولی سی بیکنگ سرگرمی خاندان کے لیے خوشی، سیکھنے اور محبت کا ذریعہ بن جاتی ہے۔گھر میں بچوں کے ساتھ بسکٹ بنانا نہ صرف مزیدار کھانا تیار کرنے کا طریقہ ہے بلکہ بچوں کو خود اعتمادی، ذمہ داری، تخلیقی سوچ اور تعاون سکھانے کا ایک بہترین اور یادگار موقع بھی ہے۔

وادی کے لیل ونہار

شوپیاں میں نبارڈ سڑک منصوبے میں مبینہ مالی بے ضابطگیاں

جے کے این ایس/جموں وکشمیر حکومت نے ضلع شوپیاں میں نبارڈ کے تحت منظور شدہ سڑک منصوبے کی تعمیر وتوسیع کیلئے مختص سرکاری فنڈز کے مبینہ غلط استعمال اور مالی بے ضابطگیوں کی تفصیلی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔معاملے میں 5 حاضر سروس افسران واہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی شروع کی جاچکی ہے، جبکہ تحقیقات کے دوران مجموعی طور پر 23 افسران واہلکاروں کی نشاندہی کی گئی ہے۔جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق یہ معاملہ پبلک ورکس (آر اینڈ بی) ڈویژن شوپیاں میں جنگی کچھ دورا سے ہنگی لوگام اور چتری پورہ،کیرن سڑک کی مضبوطی واپ گریڈیشن کے منصوبے سے متعلق ہے، جسے نبارڈ-XXIII کے تحت منظوری دی گئی تھی۔محکمہ کو منصوبے کی تکمیل کے دوران انجینئرز اور دیگر متعلقہ اہلکاروں کی جانب سے سرکاری رقوم میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق قابل اعتبار اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔حکومت نے ابتدائی طور پر فروری 2025 میں انجینئر ان چیف تنویر میر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی تھی، جسے منصوبے کی منظور شدہ اور الاٹ شدہ لاگت، انجام دیے گئے کام کی مقدار، جاری شدہ فنڈز، معیار، مالیاتی قواعد، خریداری ضوابط اور محکمہ تعمیرات عامہ کے دستی قواعد پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کی ذمہ داری سونپی گئی تھی۔پانچ حاضر سروس افسران واہلکاروں، جن میں انجینئر فاروق احمد نائیکو، وکرم میں سنگھ، طارق احمد ملک، جاوید احمد ملک اور غلام حسن، سروڈور کرار ڈویژنل سٹور کیپر شامل ہیں، کے خلاف قواعد کے تحت محکمانہ کارروائی شروع کرکے انہیں الزامات کے یادداشت نامے جاری کیے گئے۔ان اہلکاروں کی جانب سے الزامات کی تردید میں دیے گئے جوابات کو انکوائری کمیٹی کی نشاندہی کردہ بے ضابطگیوں کے تناظر میں غیر تسلی بخش قرار دیا گیا۔حکومت نے اب انجینئر سید اشفاق احمد، انچارج سپرنٹنڈنگ انجینئر آر اینڈ بی سرکل اننت ناگ کو انکوائری افسر اور منصور شفیع یاسو، انچارج ایگزیکٹو انجینئر پی ایم جی ایس وائی ڈویژن پلوامہ کو پیش کنندہ افسر مقرر کیا ہے۔انکوائری افسر کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 30 روز کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے۔

جموں بار ایسوسی ایشن نے موٹر وہیکل کے نئے e چالان نظام پر تشویش ظاہر کی

یو این آئی/ جموں وکشمیر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، جموں (رجسٹرڈ) نے پیر کو موٹر وہیکل قانون کے تحت الیکٹرانک ٹریفک چالان نظام سے متعلق حالیہ ترامیم اور پالیسی تبدیلیوں پر تشویش ظاہر کی۔ایسوسی ایشن کے ارکان نے یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے موثر ٹریفک نظام، سڑکوں کی حفاظت اور ٹریفک قوانین کے ذمہ دارانہ نفاذ کی اہمیت کو تسلیم کیا اور اس بات پر تشویش ظاہر کی کہ نئے ای-چالان نظام کو جس طریقے سے نافذ کیا جارہا ہے، اس کا عام شہریوں، گاڑی مالکان اور ڈرائیوروں پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔جے کے ایچ سی بی اے جے کے صدر کے ترجمان کوتوال نے نائب صدر بلدیو سنگھ، جنرل سکریٹری پردیپ مجوترا، جوائنٹ سکریٹری انشو مہاجن اور خزانچی راہل اگروال کے ہمراہ کہا کہ ٹریفک قوانین کے نفاذ میں تکنیکی ترقی کے ساتھ شفافیت، جواب دہی، طریقہ کار میں انصاف اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے مناسب انتظامات بھی ضروری ہیں۔ایسوسی ایشن نے ای-چالان خودکار طور پر جاری کرنے اور ان کی وصولی سے پیدا ہونے والی عملی مشکلات کی جانب توجہ دلائی، خاص طور پر ان حالات میں جب کوئی شہری مبینہ خلاف ورزی، ڈرائیور کی شناخت، الیکٹرانک ریکارڈ کی درستگی یا چالان جاری کیے جانے کے حالات پر اعتراض کرے۔انہوں نے مزید زور دیا کہ ٹیکنالوجی کے اعتبار سے کتنا ہی جدید نفاذ کا نظام کیوں نہ ہو، وہ قدرتی انصاف کے بنیادی اصولوں اور قانونی طریقہ کار سے الگ ہوکر کام نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ "شہریوں کو مبینہ خلاف ورزی کی بنیاد جاننے، غلط چالان پر اعتراض کرنے، مناسب اصلاح یا نظرثانی کی درخواست کرنے اور جہاں کوئی غلطی ہوئی ہو وہاں موثر تدارک حاصل کرنے کا بامعنی اور آسان موقع ملنا چاہیے۔"

اچھہ بل میں ہٹ اینڈ رن معاملہ موٹر سائیکل سوار شدید زخمی، کیس درج

یو این ایس/جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے اچھبل علاقے میں پیر کے روز ایک سڑک حادثے میں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوگیا۔حادثہ چیکی گگن بل کے قریب پیش آیا، جہاں ایک نامعلوم گاڑی سے ٹکراؤ ہوا اور موقع سے فرار ہوگئی۔حادثے میں زخمی ہونے والے موٹر سائیکل سوار کی شناخت سیماق فیاض نائیکو ولد فیاض احمد نائیکو ساکن بڑ گیہ برنتی، اننت ناگ کے طور پر ہوئی ہے۔بتایا گیا ہے کہ سیماق فیاض موٹر سائیکل نمبر JK03L-4115 پر سفر کررہا تھا۔حادثے کے فوراً بعد مقامی لوگوں کی مدد سے زخمی کو سب ڈسٹرکٹ اسپتال اچھبل منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے اس کا ابتدائی علاج کیا۔تاہم حالت تشویشناک ہونے کے باعث اسے مزید علاج اور خصوصی طبی نگہداشت کے لیے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ منتقل کردیا گیا۔متعلقہ حکام کی جانب سے واقعے کی مزید تفصیلات جمع کی جارہی ہیں، جبکہ حادثے میں ملوث گاڑی اور اس کے ڈرائیور کی شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے۔

ہارون میں ریچھ کے حملے میں شہری زخمی شناخت لیاقت احمد ولد محمد یعقوب قلی ساکن دارا

کے این ایس/سرینگر کے ہارون علاقے میں ایک ریچھ نے ایک شہری پر حملہ کرکے اسے شدید زخمی کردیا ہے۔کشمیر نیوز سروس کے مطابق دار ہارون علاقے میں پیر کے روز ایک شہری اپنے کھیت میں کام کررہا تھا اس دوران جہاں سے ایک ریچھ اچانک نمودار ہوا جس نے شہری پر حملہ کرکے اسے شدید زخمی کردیا ہے۔شہری کی شناخت لیاقت احمد ولد محمد یعقوب قلی ساکن دارا ہارون کے طور کی ہے۔اس دوران شہری کو فوری طور سرینگر ہسپتال منتقل کیا گیا ہے جہاں اس کا علاج معالجہ جاری ہے۔

خبرونظر

جی ایس ٹی میں اگلی نسل کی اصلاحات سے کاروبار میں آسانی بڑھے گی/مودی

یو این آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے گڈز اینڈ سروسز ٹیکس (جی ایس ٹی) کی اصلاحات کے اگلے مرحلے کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجوزہ تبدیلیاں ٹیکس کے نظام کو مزید سادہ بنائیں گی اور ٹیکس کی ذمہ داریوں کا پہلے سے اندازہ لگانا آسان ہوجائے گا۔جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ 7 اکتوبر کو ہونے جارہی ہے جس میں اس بالواسطہ ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے اگلے دور پر بات چیت کی امید ہے۔خزانہ اور کارپوریٹ امور کی وزیر نرملا سیتارمن کے 'ایکس' کے ایک پوسٹ کو شیئر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا، "اگلی نسل کا جی ایس ٹی نظام ٹیکسیشن کو مزید سادہ بنائے گا اور اس کے بارے میں اندازہ لگانا آسان ہوگا۔اس سے تعمیل آسان ہوگی، ریفنڈ کے طریقہ کار میں بہتری آئے گی اور تاجروں کو سرمایہ کاری تیز توسیع کے لیے زیادہ اعتماد ملے گا۔حکومت ان اصلاحات کو 'وکست بھارت' کے ہدف سے جوڑ کر دیکھ رہی ہے۔"

انہوں نے کہا کہ اصلاحات سے تجارتی اداروں اور خاندانوں کو مدد مل رہی ہے۔مسٹر مودی نے کہا کہ یہ اصلاحات معاشی سرگرمیوں کو بڑھانے، ریونیو کو مضبوط کرنے اور ملک بھر کے کاروباری اداروں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کے اگلے مرحلے میں تعمیل کو آسان بنانے اور ریفنڈ کے عمل کو بہتر کرنے پر توجہ دی جائے گی، جس سے تاجروں کو سرمایہ کاری اور ترقی کے لیے مزید اعتماد ملے گا۔اس سے ترقی یافتہ ہندوستان کی بنیاد مزید مضبوط ہوگی۔رجسٹریشن سے لے کر ریفنڈ تک اس کی تعمیل آسان ہوگی۔وزیر خزانہ محترمہ سیتارمن نے اپنے پوسٹ میں کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کا اگلا مرحلہ پہلے سے کی گئی تبدیلیوں کو آگے بڑھائے گا اور ٹیکس کے نظام کو ٹیکس دہندگان کے لیے مزید سازگار بنانے پر مرکوز ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اگلی نسل کے جی ایس ٹی کے دوہرے مقاصد — ٹیکس دہندگان کو راحت اور معیشت کو مزید رفتار — کو پورا کیا جارہا ہے۔اگلے مرحلے میں رجسٹریشن، ریٹرن فائل کرنے، ریفنڈ، تنازعات کے حل اور ان پٹ ٹیکس کریڈٹ (آئی ٹی سی) سے جڑی تعمیل کو سادہ بنانے پر خاص توجہ دی جائے گی۔حکومت کی توجہ اب صرف جی ایس ٹی کی شرحوں کو مناسب بنانے سے آگے بڑھ کر ٹیکس انتظامیہ سے جڑے طریقہ کار کو بہتر کرنے پر ہے۔اس کا مقصد تاجروں اور ٹیکس دہندگان کے لیے تعمیل میں لگنے والے وقت اور لاگت کو کم کرنا نیز ٹیکس کے نظام کو مزید قابل اعتماد بنانا ہے۔

ہندوستان اور UAE مشترکہ فوجی مشق "ماؤنٹین گارڈین" شروع

یو این آئی/ اتراکھنڈ کے چوبٹیا میں واقع فارن ٹریننگ نوڈ میں ہندوستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی افواج کی مشترکہ فوجی مشق 'ماؤنٹین گارڈین 2026' پیر کے روز سے شروع ہوگئی۔وزارت دفاع نے بتایا کہ یہ مشق 18 اکتوبر تک چلے گی اور اس کا مقصد دونوں افواج کے درمیان ہم آہنگی، باہمی سمجھ بوجھ اور تعاون کو بڑھانا ہے۔مشق میں پہاڑی جنگ پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔مشق میں دونوں ممالک کے کل 92 فوجی اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔دونوں افواج کی برابر کی شرکت ہے۔

ہندوستانی دستے میں 'بھیرو بٹالین' کے جوان اور یو اے ای کے دستے میں 'ماؤنٹین انفنٹری بٹالین' کے جوان شامل ہیں۔دونوں ممالک کی خاتون افسران اور خاتون فوجی اہلکار بھی مختلف معلوماتی وتکنیکی کرداروں میں اس مشق کا حصہ ہیں۔مشق کے دوران مشترکہ منصوبہ بندی، حکمت عملی پر مبنی مشقیں، فائرنگ، نگرانی گرڈ تیار کرنا، ڈرون آپریشنز، فزیکل ٹریننگ، راک کلائمبنگ، رکاوٹ کی تربیت اور مشترکہ فیلڈ مشقیں کی جائیں گی۔مشق میں پہاڑی علاقوں میں مہم جوئی سے جڑی ٹیکنالوجی، حکمت عملی اور کام کرنے کے طریقوں کا بھی تبادلہ ہوگا۔اس مشق سے دونوں افواج کو اپنے تجربات شیئر کرنے، اسٹریٹجک صلاحیتیں بڑھانے اور آپریشنز سے جڑے بہتر طریقوں کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔اس سے ہندوستان اور یو اے ای کے درمیان فوجی تعاون کے ساتھ دونوں ممالک کی افواج کے درمیان دوستی اور اعتماد بھی مضبوط ہوگا۔

ایچ اے ایل کورانٹ سے 2000ویں ایرو انجن کی ڈیلیوری آج راج ناتھ افتتاح کریں گے



یو این آئی/ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ منگل کے روز اوڈیشہ کے ہندوستان ایروناٹکس 'ایچ اے ایل' کورانٹ ڈویژن سے 2,000ویں ایرو انجن کی ڈیلیوری کے موقع پر منعقدہ پروگرام کا افتتاح کریں گے۔وزارت دفاع نے پیر کے روز بتایا کہ یہ کامیابی ایچ اے ایل کورانٹ کی تقریباً چھ دہائیوں کی خدمات اور تعاون کو نمایاں کرتی ہے۔کل 218 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے 'شکتی' انجن کی دوسری پروڈکشن لائن کا قیام بھی اس پروگرام کی اہم خصوصیت ہوگی۔اس سے دھرو ایڈوانسڈ لائٹ ہیلی کاپٹر' اور 'پرچنڈ لائٹ کمبیٹ ہیلی کاپٹر' سمیت دیسی ہیلی کاپٹروں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔یہ تقریب دفاعی سامان کے خریدار سے آگے بڑھ کر ہندوستان کو دفاعی نظام کے ڈیزائن، ترقی اور تیاری میں خودکفیل بنانے کی حکومت کی سوچ کی عکاسی بھی کرتی ہے۔اس سمت میں دیسی ایرو انجن کی صلاحیت کو فروغ دینا اہم ہے، کیونکہ انجن کی تکنیک دفاعی شعبے کے لیے اسٹریٹجک طور پر انتہائی اہم اور پیچیدہ ہے۔پروگرام میں اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن ماجھی، سکریٹری برائے دفاعی پیداوار سنجیو کمار اور ایچ اے ایل کے سی ایم ڈی روی کے سمیت دیگر شخصیات شرکت کریں گی۔

اسپین میں سانچیز نے قبل از وقت انتخابات کا اعلان کر دیا

میڈرڈ، 5 اکتوبر (نیوز ڈیسک): اسپین کے وزیر اعظم پیڈرو سانچیز نے پیر کے روز 29 نومبر کو قبل از وقت انتخابات کرانے کا اعلان کر دیا۔ ان کا مقصد پارلیمان میں اپنی حمایت بڑھانا ہے، تاہم گزشتہ ہفتے قانون سازوں کی جانب سے رہائشی بحران سے نمٹنے کے لیے پیش کی گئی حکومتی تجاویز مسترد کیے جانے کے بعد یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔ قبل از وقت انتخابات سانچیز کے لیے ایک اہم سیاسی جوا تصور کیے جا رہے ہیں، کیونکہ رائے عامہ کے تقریباً تمام جائزوں میں ان کی سوشلسٹ پارٹی اپوزیشن جماعتوں سے پیچھے ہے۔ انتخابی شکست کی صورت میں یورپ کی بائیں بازو کی آخری حکومتوں میں سے ایک کا خاتمہ ہو سکتا ہے، ایسے وقت میں جب پورے خطے میں انتہائی دائیں بازو کی جماعتوں کی حمایت میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ صورتحال یورپ میں وسیع تر سیاسی بے چینی کی بھی عکاسی کرتی ہے، جہاں دفاعی اخراجات کے معاملے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ، چین سے آنے والی سستی درآمدات، قرض لینے کی بڑھتی لاگت، نوجوانوں میں بڑھتی بے اطمینانی اور 1930 کی دہائی کے بعد انتہائی دائیں بازو کی حمایت میں سب سے بڑے اضافے جیسے عوامل سیاسی منظرنامے کو متاثر کر رہے ہیں۔

برازیل کی کانگریس میں دائیں بازو کی لہر، بولسونارو کیمپ مضبوط

لبرل پارٹی نے سینیٹ اور ایوانِ زیریں میں سب سے زیادہ نشستیں جیت لیں

ساؤ پاولو/برازیلیا، 5 اکتوبر (نیوز ڈیسک): برازیل کی دائیں بازو کی لبرل پارٹی، جس سے سینیٹر فلاویو بولسونارو وابستہ ہیں، اتوار کو ہونے والے کانگریسی انتخابات میں سب سے بڑی فاتح بن کر ابھری ہے اور سینیٹ و ایوانِ زیریں دونوں میں کسی بھی ایک جماعت کے مقابلے میں سب سے زیادہ نشستیں حاصل کی ہیں۔ سابق صدر ژائیر بولسونارو کے بڑے بیٹے سینیٹر فلاویو بولسونارو نے اتوار کو صدارتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کیے اور 25 اکتوبر کو ہونے والے دوسرے مرحلے میں بائیں بازو کے صدر لوئیز اناسیو لولا دا سلوا کے خلاف مقابلے میں پہنچ گئے۔ انتخابی مہم کے دوران فلاویو بولسونارو نے اپنے اتحادی سینیٹ امیدواروں کی حمایت میں بھرپور مہم چلائی۔ ان کی لبرل پارٹی نے سینیٹ میں اپنی نمائندگی 15 سے بڑھا کر 28 نشستوں تک پہنچا دی، جو 1985 میں برازیل میں جمہوریت کی بحالی کے بعد کسی ایک جماعت کا سب سے مضبوط نتیجہ ہے۔ ایوانِ زیریں میں بھی پارٹی نے 121 نشستیں حاصل کیں، جبکہ اس کے پاس اس وقت 98 نشستیں ہیں۔ دیگر وسطی اور دائیں بازو کی جماعتوں اور اتحادوں کے ساتھ مل کر ایوانِ زیریں میں تقریباً 250 اور سینیٹ میں 30 سے زائد نشستیں حاصل ہونے کا اندازہ ہے، جس کے باعث آئندہ کانگریس میں بولسونارو کے سیاسی ایجنڈے کو مضبوط پارلیمانی اکثریت حاصل ہونے کا امکان ہے۔ اتحادی کانگریس، بالخصوص سینیٹ، فلاویو بولسونارو کے اس مقصد میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے کہ ان کے والد کو عام معافی دی جائے۔ سابق صدر ژائیر بولسونارو کو 2022 کے صدارتی انتخابات میں شکست کے بعد مبینہ طور پر بغاوت کی سازش کے جرم میں 27 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔

فرانس میں طلبا کی احتجاجی تحریک، 500 ہائی اسکول بند

پیرس، 5 اکتوبر (یو این آئی) فرانس میں آج طلبہ کے احتجاج کا سلسلہ جاری رہا، جس کے دوران تعلیمی حالات اور بڑھتے ہوئے پرتشدد واقعات کے خلاف مظاہروں کے باعث 400 سے 500 ہائی اسکولوں میں کلاسز مکمل یا جزوی طور پر معطل رہیں۔ وزیر تعلیم ایڈورڈ جیفرے نے متاثرہ اداروں میں حفاظتی خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ تعداد فرانس کے مجموعی 3700 ہائی اسکولوں کا تقریباً 10 سے 13 فیصد بنتی ہے۔ یہ احتجاج ستمبر کے وسط میں پیرس کے علاقے سے شروع ہوا تھا اور گزشتہ ہفتے اس میں اس وقت شدت آئی جب طلبہ نے مزید وسائل، اسکول کی عمارتوں کی بہتر دیکھ بھال، کلاسوں میں طلبہ کی کم تعداد اور عملے کی کمی کو دور کرنے کے لیے اقدامات کا مطالبہ کیا۔ علاقائی حکام کے مطابق، پیرس کے اردگرد ال دی فرانس کے علاقے میں پیر کے روز 160 سے زائد ہائی اسکولوں کے بند رہنے کی توقع تھی۔ اس تحریک کے دوران پیرس میں کئی ناخوشگوار واقعات بھی پیش آئے۔ دارالحکومت کے وولٹیئر ہائی اسکول میں حکام نے پیر کی صبح داخلی دروازے کے قریب آگ لگنے کے تین واقعات رپورٹ کیے۔ مقامی وقت کے مطابق صبح تقریباً 7:50 بجے آگ لگنے کے پہلے واقعے کے بعد اسکول کے پرنسپل نے پولیس کو مطلع کیا، جس پر فائر فائٹرز نے مداخلت کی اور طلبہ و عملے کو عمارت کے اندر ہی محصور کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد اسکول سے الگ جگہ 100 طلبہ کو نکالے جانے کی اطلاع ہے۔ دوسری طرف طلبہ نے پیر کی صبح سویرے پیرس کے ترگوٹ ہائی اسکول کی ناکہ بندی شروع کر دی اور راستوں کو مسدود کرنے کے لیے کچرے کے ڈبوں، باڑ اور سائن بورڈز کا استعمال کیا۔ وزارت داخلہ اور وزارت تعلیم نے تحریک کے آغاز سے اب تک گرفتاریوں اور زخمیوں کی تعداد میں نمایاں اضافے کی اطلاع دی ہے۔

ای-ٹینڈر نوٹس

[illegible] 22.10.2026 [illegible] 15 [illegible] (IREPS) [illegible]

تکمیل کی مدت	آخری تاریخ	تخمینی قیمت (روپے)	ٹینڈر کی تفصیل	ٹینڈر نمبر	نمبر شمار
12 ماہ	60 دن	4,54,75,193.45	PTK, PTKC, IHRL [illegible] SJNP, MDPB, KNDL, MRTL, SRM [illegible] J K [illegible]	59-2026-27 PTK DRM-JAT	1

[illegible] (Corrigendum) [illegible] (IREPS) [illegible]
[illegible] (to be opened on 22.10.2026) [illegible]
3444/26
گراہکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

UT of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER, TRANS. LINE MAINTT. DIVISION-VII, JKPTCL BEMINA, SRINAGAR-190010

Ph. No. 0194-3516481 e-mail: tlmd-vii.sgr@jk.gov.in
****

EXTENSION NOTICE-I

The last date for submission of bids in respect of e-NIT No. TLMD-7/06 of 2026-27 Dated: 17-09-2026 for "Providing Consultancy and other allied services with all working drawings (DPR incl. Digital Layout Plan, /BOQ Structural, Architectural Design, Technical Sanction) incl. technical vetting of drawings from DIQC/NIT/IIT and Conducting of all required soil investigations for "Construction of Training Institute at Bemina Srinagar." is hereby extended with revised critical dates as under.

1.	Existing e-bids submission end date and time	03-10-2026 (16:00 Hrs.)
2.	Extended e-bids submission end date and time	12-10-2026 (14:00 Hrs)
3.	Online techno commercial e-bid opening date and time	13-10-2026 (14:00 Hrs)

All other terms and conditions of e-NIT will remain unchanged.

DIPK:-NB-1798/26 Sd/-Executive Engineer
DIP Dated: 05/10/2026 TLMD-VII, Bemina Srinagar

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER SUB TRANSMISSION DIVISION SOPORE
KASHMIR POWER DISTRIBUTION CORPORATION LIMITED

Fax No: - 01954-222626

NIT NO.STDS/ 21 of 2026-27 Dated: 05/10/2026

NOTICE INVITING TENDER

For and on behalf of the Managing Director, Kashmir Power Distribution Corporation Limited (KPDCL), the Tender Floating Authority, as specified in clause 1 of BDS, invites e-bids from reputed Contractors having Valid A-Class Electrical Contractor License or equivalent license issued by Chief Electrical Inspector of J&KPDD/Relevant issuing authority/ registered Firms/Bidders enlisted with CPWD/MES/Railways/GEM, as per terms, conditions, technical specifications and schedules of SBD forming part of this document. The detail of works is as under

1.	Name of the Work	Augmentation of 33kV lines to overcome LCP constraints for various Divisions of KPDCL by way of thickening of 33kV SIDCO line from 100 mm sq to 200 mm sq under UT Capex
2.	Estimated Cost(in Lakhs)	110.00
3.	Cost of tender document in Rs. (Non- refundable)	Rs. 3002/-
4.	Cost of EMD@2% in Rs.	Rs. 2,20,000/-

Critical Dates

A	Date & Time of downloading of Standard Bidding Document/ Sale of Bid Document (Start) / Clarifications start date	The Standard Bidding Document can be downloaded over http://jktenders.gov.in from 05th October, 2026; 04:00 PM
B	Clarifications end date / e-Bid submission (start) date & time (Submission of e-tender fee, EMD and other supporting documents in PDF/XLS format)	08th October, 2026; 04:00 PM
C	Sale of Bid Document (End)/ e-Bid submission (end) date & time (Submission of e-tender fee, EMD and other supporting documents in PDF/XLS format)/ Submission of Hard Copy (end) Date	29th October, 2026; 02:00 PM
D	Online Technical and Commercial e-Bid opening date & Time	31st October, 2026; 03:00 PM
E	Financial Bid opening	After completion of process of evaluation of Technical & commercial Bids
F	Venue of opening of technical & financial e-Bids	EXECUTIVE ENGINEER STD SOPORE

All other details viz. Eligibility Criteria, Terms & Conditions, Schedules are mentioned in the SBD forming the part of the document.

Sd/ Executive Engineer, KPDCL
Sub Transmission Division Sopore

DIPK:-NB-1805/26
DIP Dated: 05/10/2026

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

Sadat Safvi, Nawa Kadal - Bereaved

Syed Afzal Hussain Safvi Is No More

With profound grief and sorrow, we inform you of the sad demise of our beloved **Syed Afzal Hussain Safvi**, son of Late Syed Muhammad Yaseen Shah Safvi of Tarbal, Nawa Kadal, Srinagar, who passed away on **Sunday, 4 October 2026**, at his residence in **Tarbal, Nawa Kadal, Srinagar.**

He was a pious and kind-hearted man and deeply devoted to the Ahl al-Bayt (AS).

His **congregational Fateha Khawani** will be held on **Wednesday, 7 October 2026, at 7:00 AM** at their ancestral graveyard at **Gulistan Baba Mazar, Zadibal, Srinagar.**

Thereafter, a **day-long Condolence Meeting (Taziyat Majlis)** will be held at their residence at **Tarbal, Nawa Kadal, Srinagar.**

BEREAVED
- Syed Jaffar Hussain Safvi — Brother
- Syed Zahoor Hussain Safvi — Brother
- Syed Aijaz Hussain Safvi — Son
- Afaq Alam Khan — Son-in-Law
- Syed Altaf Hussain — Nephew

Contact: [illegible]

Huss_hoor TRAVELS

HARWAN SRINAGAR

NO OBJECTION NOTICE

This is to inform the general public that **Huss_hoor Travels,** Harwan Srinagar, proposes to carry out its travel and transport related operations at the above mentioned location.

If any person or organisation has any objection to this, they may contact within **7 day's** from the date of this notice.

FOR ANY OBJECTION CONTACT
+91 70069 11576

LOST OF DOCUMENTS

I, have lost a Leather Bag Black color which contains House Documents, Cheque Books (3 books of ICICI Bank, 2 books HDFC Bank and 1 Book of J&K Bank), State Subject, Shop Amount Slip and some other important documents, card etc while travelling from Illahibagh to 90 Feet Road. If anyone has found the Bag please contact on below mentioned phone number address.

Sajad Ahmad Chaloo R/o Illahibagh City Colony Srinagar Contact: 9906604130

PUBLIC NOTICE

I, Shuaib Niyaz Kawoosa S/o Niyaz Ahmad Kawoosa R/o Housing Colony Ompora Budgam have lost the number plate of my vehicle bearing No. JK01U-9127 somewhere. Now I am applying for its duplicate. In this regard, if anybody having any objection then he/she may contact RTO Srinagar within a period of 07 days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

PUBLIC NOTICE

I, NAZIR AHMAD SHEIKH, father of UZMAT AKHTER, R/o S.BONIT, hereby inform the general public that I am applying for the issuance of a Birth Certificate for my daughter.

It is submitted that the Name and Date of Birth of my daughter have been wrongly mentioned in her Aadhaar Card as UZMAT NAZIR, Date of Birth 11-06-2010, instead of the correct details as given below:

Name: UZMAT AKHTER
Father's Name: NAZIR AHMAD SHEIKH
Correct Date of Birth: 14-02-2012
Residence: S.Bonit

Any person having any objection to the issuance of the said Birth Certificate may submit his/her objection to the office of the Registrar of Births and Deaths (Block Development Officer, Beerwah) within 07 (seven) days from the date of publication of this notice.

After the expiry of the stipulated period, no objection shall be entertained, and the process for issuance of the Birth Certificate shall proceed accordingly.

GOVERNMENT OF THE UNION TERRITORY OF JAMMU & KASHMIR

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER PWD (R&B) DIVISION QAZIGUND

NOTICE INVITING TENDERS

NIT No. 35 OF R&B/QAZIGUND/2026-27/E-TENDERING/3784-98 DATED: 29-09-2026

For and on behalf of the Lt. Governor, Union Territory of J&K e-tenders are invited on %age basis from approved and eligible Contract or registered with J&K Govt.CPWD, Railways and other State/Central Governments for each of the following works: -

S. No	Stage Name	Cost of T/ Doc (In Rs)	Earnest Money (In Rs)	Head of Account	Class of Contra -ctor
1.	Dahwat Khaer Link Near Flyover At Sangran Dar Mohallah near Fly over Sangran Kuchipora Bridge to Sangran via Middle school Kuchipora Kitchgund Sangran Road Upto Barzole Including Bon Sangran Link via Jamia MasjNh To Brankhar Road Hergam Link At Nussu Badra Gund Nussu To MirporaNussu Badragund Parraypora RoadHIGH SCHOOL KOW MOHALLA LINK ROAD NUSSU Nussu main Road to Khanday Mohallah Nussu Shelkhpora Road and NAID CHEOK (Stage 1)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
2.	Panzath nagbal to new NH via court complex qazigund Nagbal Link upto Jamia Masjid High School Link At Panzath Innovative School LinkPANZATH ZEREAN AND ALLIED LINKShampora Hajam MohallahMalik Mohalla At PanzathParray Mohallah link at ShamporaFishries link at panzathEidgah Panzath and allied link (Stage 2)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
3.	Panzath To Danigam Nowpora RoadSyedpora interior Links At PanzathTeeli mohallah link at panzathRashwardi Link road at wanpora panzathWanpora Cheerpora RoadMallkpora link at Drinen Fishery Link at WanporaPanzath sanderkher roadDANGAR MOHALLAH AT DRINENBadshah pora link panzathShelkh and Ganie Mohallah at drinenPanchayat Link at DrinenSHAMPORA DDC LINKWani mohalla near Jamia Masjid Panzath WanporaWanpora Ardcheck RoadZiyarat Sharif Link at Drinen Dawlatabad (Stage 3)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
4.	Y.K Pora Hr. Sec. Link Upto RashiporaInterior allied links at Y.K pora(PHC link,middle school link,jamia masjid link,pandith mohalla link,bangandher link)Y.K Pora Nagrass RoadKuchipora RoadKhan Mohallah to Bondengi via BatbaghPeertakiya Link YK PoraNational Highway To Yk Pora (Stage 4)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
5.	Kewa Malikabad RoadKewa wanpora and rather mohalla inner linkWanpora Hajam Mohallah (KHANDAY MOHALLAH AND SHAH MOHALLAH)Kewa New ColonyKewa Sheikhpora Road (SHEIK MOHALLAH)Kewa KokabastiKewa Chhaan MohallahKewa Gujjarbasti RoadKewa ZiyaratshareefMalik Abad Doudhnagh Ayoub Magloo RoadTanjloo Link Road(Stage 5)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
6.	Qazigund Sranaoo RoadLINK ROAD AT AQUAQ MARKET WARD 2 (BESIDE OIL MILL)Sranaoo Chaimullah RoadNew Colony At Gagar DanjDardkoot LinkPhe Division LinkOUTSIDE PARKING YARD NO 2 AT WALNUT FACTORYOUTSIDE PARKING YARD AT WALNUT FACTORY LEWDOORAYard/Allied Link at Walnut Factory QazigundNew colony link Road at Levdora via HO Zafarullah and Others from degree college QazigundNH TAKTRAY MOHALLAHOld Stretch Of Nh At LevdooraUmmer Colony Road QazigundGoula Colony and New Colony Link At QazigundSranaoo shah mohalla link (Stage 6)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
7.	Bus Adda at Qazigund Town, Roads of various govt buildings viz divisional office, MC office, Dak Bungalow, PS/Camp, Hospitals, Fire EmergencySalyaloo Khan LinkRailway Road Kurigam Link via Masjid SharifRailway yard, SOG Camp and internal allied links at Railway station Qazigundapproach road connecting the habitation near middle school kulbagh to qazi mohallah M.Y. Link roadWATHAL GANIE MOHALLAOld stretch of qazigund kulgam road including Peer Baba Link At ShamporaRoad from Agriculture Office Qazigund to Kulgam roadNH44 TO RATHER MOHALLAHQazi Mohallah Railway Station RoadLink Road via Govt Boys High School Qazigund at Qazi Mohallah(Stage 7)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
8.	Lower Munda Kasana BastiLower Munda Gujjar Basti Link 1stLower Munda Gujjar Basti link 2ndKhojpora Lower Munda LinkSadiwara Lower MundaPoolia Sadiwara RoadPoolia Inner Link (Stage 8)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
9.	GULAB BAGH GUJJAR BAASTI LINKToll Post To Gulab Baagh Gujjar Basti RoadApproach Road towards Railway Tunnel hiller Matsygund Bemdal Upto Badermuna RoadNadoora KralmadWavthroo Link roadBumnoo marg to khagund via Bahwathoo poolia (Stage 9)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
10	Lonepora Targam Govt. School Link Dalwatchh Targam Lonepora Approach Road to Lonepora Kreeri BridgeSyed Abad LinkDALWATCH SHAH MOHALLA LINKMandipora Dalwatchh Road Via ShistergamWangund To Dalwatchh Road (Stage 10)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
11	Chek To Bonangan RoadBonangan Bakerwal Check Gujjar Basti including Kasana linkBakerwal Check Chandi MohallaBakerwal Check BokadpatiManzmoo Trajan to Tang TrajanMANZMOH BOKADPATI ROADWangund To CheckCheck Inner Link (Stage 11)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
12	Masjid Sharief , Ziyarth Sharief And Mir Mohalla Link at DamjanPower Grid Damjan linkTrajan Link at Cheki RajwalICheki RajwalNew Colony Link at Cheki RajwalJ&K Bank Laaddar via Tengpora VessuPhc link vessuChoppan Mohallah Hertangpora Link (vessu)Padderpora Link SadooraZiyartath sharief upto main adda sadoora Sadoora Baghander RoadDamjan Bridge To High School SadooraMukadampora Link Vessu/Yateem Khana linkBDO Link VessuBDO Office to MS Vessu (Stage 12)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
13.	Nipora to pather MasjidPanchayat Road NiporaMiddle School Link at NiporaNipora Ganie MohallaFurrah Bhawaldar RoadChirhama Furrah RoadFci Godown At Mir BazarFurrah DakwaIpora RoadDangerpora Link at Furrah (Stage 13	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.
14.	Ziyarat Shareef MalporaLallpora Zadoora Via NagbalKhar Mohalla And PHE Tankey Link at ZadooraApproach road from mirbazar to bumthanbumthan inner link upto masjid sharifApproach Road To Bumthan StadiumBanjerpora Link BumthanAlstop Bagbal LinkGassipora to Laram main RoadGassipora Parraypora RoadGassipora Graveyard upto Armpora and Allied LinksLallpora Naibasti upto Byepass (stage 14) 500/=	5000	3054-Snow	All Classes.	
15.	Interior Allied Links At Laram Via Aatan upto Grave Yard Internal Link From Laram upto Alstop BagbalKhrewan Upto Wanpoh RoadKhrewan Ganjipora RoadLassipora RoadSakloo Link RoadInterior Allied Links at Ganjipora (Stage 15)	500/=	5000	3054-Snow	All Classes.

1. The NIT Consisting of Qualifying Information, EligibilityCriteria, Specifications, Bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:

S. No.	Particulars	Dated
1	Date of Issue of Tender Notice	29-09-2026
2	Period of Downloading of bidder documents	From 02-10-2026 (11:00AM) To 12-10-2026 (04:00PM)
3	Bid submission Start Date	From 02-10-2026 (11:00AM)
4	Bid Submission End Date	To 12-10-2026 (04:00PM)
5	Date and time of opening of bid (online)	13-10-2026 (11:00 AM) In the office of Executive Engineer PWD (R&B) Division QAZIGUND.

2. EMD/BID SECURITY & TENDER FEE, PERFORMANCE SECURITY, SECURITY DEPOSIT/RETENTION MONEY, SAFETY CIRCULAR AND GST :-

a. EMD/BID SECURITY & TENDER FEE:-Bidders shall deposit the prescribed Earnest Money Deposit (EMD) and Tender Fee through online mode into the designated Centralized Pooling Account No. 0470010200000099, IFSC: JAKA0LALANG) (M/S Centralized Pool Account PW R&B), strictly in accordance with Finance Department Circular No. FD-Code/290/2026 dated 22.05.2026 and Office Order No. CE/R&B/SK/WS/2095-2111 Dated 05.06.2026 issued by theChief Engineer, PW(R&B) Department, South Kashmir. Submission of EMD in the form of CDR/FDR/TDR/Bank Guarantee or any other instrument shall not be permissible. The Division Name, NIT No. & S.No./Name of the Work including transaction ID and transaction date against all the required deposits should be clearly mentioned on the Documentary proof/receipt evidencing of successful remittance of the EMD and Tender Fee and it shall be uploaded along with the bid, failing which the bid shall be liable for rejection as non-responsive. Non submission of Earnest Money/Bid Security shall render the bidder as No-responsive.

Note:- Non mentioning of transaction ID and date of transaction on receipt shall render the bid as non-responsive.

b. PERFORMANCE SECURITY/PERFORMANCE GAURANTEE (including APS) :- The 1st lowest Bidder has to produce Performance Security (Performance Guarantee) 5% and Additional Performance Security wherever applicable within 7 Days before fixation of Contract in account no bearing 0017010200000356 PERFORMANCE SECURITY A/C EXECUTIVE ENGINEER R&B QAZIGUND and shall be released after DLP obligations are over. Notwithstanding the above, the Bid Security deposited by the successful bidder(s) shall stand retained and shall be credited to the account of the concerned Divisionas Performance Security and adjusted under the applicable Performance Security Deposit Head, FailuretoproducePerformance Security shall render the L1 as non-responsive and case for debarring of the Contractor for a period of01 Year be forwarded to Higher Authorities.

As per circular issued by J&K Finance Department (Codes Division) under No.: - FD-Code/441/2021-02-158 Dated: 08-08-2025, for Seeking additional performance Security for the selected bidders who have abnormally low bid price-Reg

3The tender / bid is liable to rejection if it does not fulfill the requirements as laid down in NIT.

DIPK-6403/26 DIP Dated: 05/10/2026 Sd/- Executive Engineer, PW (R&B) Division Qazigund

بھارت، امریکہ تجارتی بات چیت سطح مرتفع پر پہنچ گئی ہے: سیتارامن

یورپی یونین کے معاہدے میں تقریباً دو ارب افراد کی نمائندگی کرنے والی معیشتوں اور عالمی جی ڈی پی کا ایک چوتھائی حصہ شامل ہوگا

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

وزیر خزانہ نرملا سیتارامن نے پیر کے روز کہا کہ ہندوستان-امریکہ تجارتی مذاکرات جاری ہیں لیکن ہوسکتا ہے کہ ایک سطح مرتفع ہو اور انہوں نے مزید کہا کہ دو طرفہ تجارتی توازن فی الحال ہندوستان کے حق میں ہے۔ یہاں میونخ لیڈرز میٹنگ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر خزانہ سیتارامن نے کہا کہ مجوزہ تجارتی معاہدے پر سخت اور بھرپور طریقے سے بات چیت کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات ابھی بھی جاری ہیں حالانکہ ہم یہ ماننا چاہیں گے کہ دونوں فریق ایک ایسی سطح پر پہنچ چکے ہیں جس سے آگے دینا یا لینا بہت مشکل ہوسکتا ہے۔ وزیر نے کہا کہ دونوں ممالک اب بھی اس بات کا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آیا مزید مذاکرات کی کوئی گنجائش ہے۔ وزیر خزانہ سیتارامن نے کہا کہ تجارتی توازن فی الحال ہندوستان کے حق میں ہے اور امریکہ اپنے تجارتی خسارے کو کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی موقف ان نقصانات پر تشویش کی عکاسی کرتا ہے جو اس کے خیال میں گزشتہ برسوں میں بھارت کے ساتھ تجارتی تعلقات میں جمع ہوئے تھے۔ یہ مذاکرات فروری 2026 میں اعلان کردہ عبوری تجارتی معاہدے کے فریم ورک کے تحت ہو رہے ہیں۔ ہندوستان اور

امریکہ نے کہا تھا کہ وہ ایک وسیع تر دو طرفہ تجارتی معاہدے پر بات چیت جاری رکھتے ہوئے عبوری معاہدے کو حتمی شکل دینے کی سمت کام کریں گے۔ مزید برآں، وزیر خزانہ نے ہندوستان-یورپی یونین تجارتی معاہدے کو تجارتی معاہدوں پر بات چیت کرنے کے ہندوستان کے نقطہ نظر کی ایک مثال کے طور پر حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ یورپی یونین کے معاہدے میں تقریباً دو ارب افراد کی نمائندگی کرنے والی معیشتوں اور عالمی جی ڈی پی کا ایک چوتھائی حصہ شامل ہوگا۔ وزیر خزانہ سیتارامن نے یورپی کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیر لیین کے استعمال کردہ ایک جملے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تمام سودوں کی ماں معاہدے کے لیے ایک مناسب وضاحت تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے معاہدے کے تحت اپنی ٹیرف لائنوں کا 5.92 فیصد اور تجارتی قیمت کا تقریباً 97 فیصد کھول دیا ہے، جب کہ یورپی یونین نے تقریباً 99 فیصد تجارتی قیمت اور تقریباً 97 فیصد ٹیرف لائنیں کھول دی ہیں۔ وزیر خزانہ سیتارامن نے کہا کہ مارکیٹ تک رسائی کے وعدوں کا انتخاب دو معیشتوں کی تکمیل پر مبنی تھا اور اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہندوستان کی مسابقت بری طرح متاثر نہ ہو۔

توانائی کے شعبے میں بڑی توسیع

بھارت کی قطر اور خلیجی ممالک سے سرمایہ کاری حاصل کرنے کی کوشش

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

بھارت اپنی تیزی سے بڑھتی توانائی ضروریات پوری کرنے اور تیل صاف کرنے کی صلاحیت میں بڑے پیمانے پر اضافہ کرنے کے لیے قطر سمیت خلیجی ممالک کے خودمختار سرمایہ کاری فنڈز کے ساتھ شراکت داری بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ بھارت کا ہدف اپنی ریفائننگ صلاحیت موجودہ 54 لاکھ بیرل یومیہ سے بڑھا کر 62 لاکھ بیرل یومیہ سے زیادہ کرنا ہے۔ بھارتی وزیر پیٹرولیم و قدرتی گیس ہردیپ سنگھ پوری کے مطابق سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت خطے کے بڑے توانائی پیدا کرنے والے ممالک نے بھارت کے ریفائننگ شعبے کے منصوبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ قطر سے بھی توانائی کی پوری ویلیو چین میں ادارہ جاتی اور ایکویٹی سرمایہ کاری بڑھانا چاہتا ہے۔ اپریل 2026 میں دوحہ کے دورے کے دوران پوری نے قطر کے وزیر مملکت برائے توانائی امور اور قطر انرجی کے صدر و سی ای او سعد شریدہ الکعبی سے ملاقات کی تھی۔ بات چیت میں توانائی، تجارت، سرمایہ کاری اور سمندری سپلائی چین کی سلامتی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ قطر پہلے ہی بھارت کی توانائی سلامتی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پیٹرونیٹ ایل این جی نے 2024 میں قطر انرجی کے ساتھ سالانہ 75 لاکھ ٹن ایل این جی کی خریداری کے معاہدے کو مزید 20 سال کے لیے بڑھایا تھا۔ اب دونوں ممالک کے درمیان تعلقات روایتی خریدار اور فروخت کنندہ کے ماڈل سے آگے بڑھ کر توانائی کے اثاثوں میں باہمی سرمایہ کاری کی جانب جا رہے ہیں۔ قطر انویسٹمنٹ اتھارٹی بھی بھارتی توانائی شعبے میں پہلے سے سرمایہ کاری کر چکی ہے۔ اس نے 2020 میں تقریباً 450 ملین ڈالر میں اڈانی الیکٹریسٹی ممبئی کا 1.25 فیصد حصہ خریدا، جبکہ 2023 میں تقریباً 500 ملین ڈالر میں اڈانی گرین انرجی میں 68.2 فیصد حصص حاصل کیے۔ رپورٹ کے مطابق اگلی دو دہائیوں میں عالمی توانائی طلب میں ہونے والے اضافے کا تقریباً 25 فیصد بھارت سے آنے کی توقع ہے۔ اسی وجہ سے نئی دہلی قطر اور دیگر خلیجی ممالک کے سرمایہ کاری فنڈز کو ریفائننگ، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور طویل مدتی ایندھن سلامتی میں اہم شراکت دار کے طور پر دیکھ رہا ہے۔

جاپان کے لیے بھارت سب سے امید افزا مارکیٹ بن گیا

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

بھارت کی تیز رفتار اقتصادی ترقی اور بڑھتی عالمی اہمیت کے درمیان جاپان کی سرکاری اور نجی کمپنیاں بھارت کو مستقبل کی ایک اہم ترین مارکیٹ کے طور پر دیکھ رہی ہیں۔ جاپان اور بھارت کے درمیان کاروباری تعاون بھی تیزی سے وسعت اختیار کر رہا ہے۔ جاپانی وزیر اعظم سانائے تاکائچی کے حالیہ دورۂ بھارت کے دوران دونوں ممالک نے دفاع، اقتصادی سلامتی، توانائی، سیمی کنڈکٹرز، اہم معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صاف توانائی اور ادویات سمیت متعدد شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ بحری سلامتی اور دفاعی ٹیکنالوجی میں شراکت داری کو بھی وسعت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بھارت میں جاپانی کاروباری موجودگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اکتوبر 2024 تک 434.1 جاپانی کمپنیاں بھارت میں 205.5 مقامات پر کام کر رہی تھیں۔ سوزوکی، برج اسٹون اور یونی چارم جیسی کمپنیاں بھارت میں اپنے دوسرے یا تیسرے کارخانے قائم کر رہی ہیں، جبکہ یونی کلو نے موجودہ 20 اسٹورز کو اگلے پانچ برسوں میں 100 تک بڑھانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ جاپان نے ایک دہائی کے دوران بھارت میں سرکاری اور نجی شعبے کے ذریعے 10 ٹریلین ین کی سرمایہ کاری کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ حالیہ سربراہی اجلاس کے بعد ایک سال کے دوران تقریباً 2 ٹریلین ین کی نئی سرمایہ کاری کے وعدے سامنے آئے۔ دونوں ممالک کے مشترکہ اقتصادی فورم میں 150 سے زائد جاپانی اور 80 بھارتی کمپنیوں نے شرکت کی۔ جاپانی سرمایہ کاری بھارت کے میٹرو نظام، ممبئی احمد آباد ہائی اسپیڈ ریل منصوبے، صاف توانائی، خلائی تحقیق، بایو ٹیکنالوجی اور ویسٹ ٹو انرجی منصوبوں تک پھیل چکی ہے۔ 508 کلومیٹر طویل ممبئی احمد آباد ہائی اسپیڈ ریل منصوبے کی تقریباً 80 فیصد لاگت جاپانی ین قرضوں سے فراہم کی جا رہی ہے اور اس کے جزوی آپریشن کا آغاز اگست 2027 میں متوقع ہے۔ جاپان بینک فار انٹرنیشنل کوآپریشن کے سروے میں بھارت مسلسل چوتھے سال جاپانی کمپنیوں کے لیے آئندہ تین برسوں میں کاروباری توسیع کی سب سے امید افزا منزل قرار پایا۔ ایک دوسرے سروے کے مطابق بھارت میں کام کرنے والی 5.75 فیصد جاپانی کمپنیوں کو رواں مالی سال منافع کی توقع ہے۔ اپریل 2000 سے مارچ 2026 تک بھارت میں جاپان کی مجموعی براہ راست سرمایہ کاری 1.48 ارب ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ صرف 2025 میں جاپانی کمپنیوں نے 74.3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ اسی مالی سال میں دونوں ممالک کی باہمی تجارت 25 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ جاپان میں یہ احساس مضبوط ہو رہا ہے کہ عالمی سپلائی چین، ٹیکنالوجی، ہنرمند افرادی قوت اور ابھرتی منڈیوں کے لیے بھارت کے ساتھ طویل مدتی شراکت داری مستقبل کی اقتصادی حکمت عملی کا اہم حصہ بن سکتی ہے۔

بھارت میں اے آئی کا عروج، خواتین کے لیے روزگار اور ترقی کے نئے مواقع

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

بھارت میں مصنوعی ذہانت یعنی اے آئی کے تیزی سے بڑھتے شعبے نے خواتین کے لیے روزگار، ہنرمندی اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنا شروع کر دیے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہونے والی اس تبدیلی سے ایسی خواتین بھی فائدہ اٹھا رہی ہیں جو روایتی طور پر ٹیک انڈسٹری کا حصہ نہیں رہی تھیں۔ اے آئی سے متعلق ڈیٹا لیبلنگ، ماڈل ٹریننگ، ڈیجیٹل خدمات اور دیگر کاموں میں خواتین کی شمولیت بڑھ رہی ہے۔ کئی ایسے کام گھر یا مقامی مراکز سے کیے جا سکتے ہیں، جس سے چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں کی خواتین کے لیے بھی ڈیجیٹل معیشت میں شامل ہونے کے راستے کھل رہے ہیں۔ اے آئی انڈسٹری کی بڑھتی ضروریات کے باعث خواتین کو نئی تکنیکی مہارتیں سیکھنے اور آمدنی کے نئے ذرائع پیدا کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ اس سے نہ صرف روزگار کے امکانات بڑھ رہے ہیں بلکہ بعض خواتین کے لیے مالی خود مختاری حاصل کرنا بھی آسان ہو رہا ہے۔ بھارت پہلے ہی دنیا کے بڑے ٹیکنالوجی اور آئی ٹی مراکز میں شمار ہوتا ہے اور اب اے آئی میں بڑھتی سرمایہ کاری اس شعبے کو مزید وسعت دے رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر خواتین کو مناسب تربیت، ڈیجیٹل سہولیات اور ہنرمندی کے پروگرام فراہم کیے جائیں تو وہ بھارت کی ابھرتی ہوئی اے آئی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ اے آئی کا یہ عروج بھارت کے لیے صرف تکنیکی ترقی کا معاملہ نہیں بلکہ خواتین کو مستقبل کی ڈیجیٹل افرادی قوت کا بڑا حصہ بننے کا موقع بھی فراہم کر رہا ہے۔

بھارت-یوروپی یونین تجارتی معاہدہ اگلے سال نافذ ہوسکتا ہے۔ فن لینڈ کے سفیر

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

مجوزہ ہندوستان-یورپی یونین فری ٹریڈ ایگریمنٹ (ایف ٹی اے) پر 2026 کے آخر تک دستخط ہونے کی امید ہے اور دونوں طرف سے توثیق کا عمل مکمل ہونے کے بعد اگلے سال نافذ ہو سکتا ہے۔ قومی دارالحکومت میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کیوکولیکی نے ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان بات چیت کی پیشرفت کے بارے میں پر امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں فریق سال کے اختتام سے پہلے معاہدے کو مکمل کرنے کے لیے پر امید ہیں۔ انہوں نے کہا، اس وقت، ہمیں امید ہے کہ دستخط سال کے آخر تک ہو جائیں گے۔ اس کے بعد، ہندوستانی حکومت اور یورپی یونین کی طرف سے اس معاہدے کی توثیق کی ضرورت ہوگی۔ اس میں زیادہ تر چند ماہ لگیں گے، اس لیے امید ہے کہ یہ اگلے سال کسی وقت نافذ العمل ہو جائے گا۔ ہندوستان اور یورپی یونین کے درمیان وسیع تر اسٹریٹجک شراکت داری کو اجاگر کرتے ہوئے، فن لینڈ کے ایلچی نے نوٹ کیا کہ اس سال کے شروع میں منعقدہ ہندوستان-یورپی یونین سربراہی اجلاس کے بعد دو طرفہ مصروفیات میں دفاعی اور سیکورٹی تعاون کو زیادہ اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فن لینڈ، یورپی یونین کے رکن ریاست کے طور پر، دفاع اور سلامتی میں ہندوستان کے ساتھ تعاون کو گہرا کرنے کا خواہاں ہے اور فن لینڈ کی کمپنیوں کے ساتھ جاری تعاون کی طرف اشارہ کیا۔

وزیر خارجہ جے شنکر نے سوئس صدر پرملین سے ملاقات کی

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)



وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے پیر کو سوئس کنفیڈریشن کے صدر گائے پرملین سے ملاقات کی، جو اس وقت ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں مصروفیت کی تفصیلات دیتے ہوئے، وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا، سوئس کنفیڈریشن کے صدر گائے پرملین سے ملاقات کرتے ہوئے خوشی ہوئی، جو ریاستی دورے پر ہندوستان آئے ہیں۔ ہماری شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے لیے صدر پارملین کے جذبات کی دل کی گہرائیوں سے تعریف کرتے ہیں۔ ان گرم سفارتی تبادلوں کو آگے بڑھاتے ہوئے، سوئس کنفیڈریشن کے صدر گائے پرملین نے پیر کے روز کہا کہ ان کا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور دیرینہ شراکت داری کو مضبوط کرنے کی طرف ایک سنگ میل کا کام کرتا ہے۔ اپنے سفر کے باقاعدہ آغاز کے موقع پر صدر پرملین کا راشٹرپتی بھون کے صحن میں ایک سرکاری رسمی استقبال کیا گیا، جہاں پہنچنے پر صدر دروپدی مرمو نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ ان کا شاندار استقبال کیا۔ استقبالیہ تقریب کے بعد پریس کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے صدر پرملین نے کہا یہ دورہ اس اہمیت پر زور دینے کا ایک بہترین موقع ہے جو سوئٹزرلینڈ اور ہندوستان دونوں اس تعلقات کو دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان اور سوئٹزرلینڈ کو جوڑنے والے سفارتی تعلقات مشترکہ جمہوری اقدار کے ساتھ ساتھ اعتماد اور باہمی احترام پر قائم ہیں۔

بھارت اور ڈنمارک کا گرین شپنگ میں تعاون، سمندری شعبے کو کاربن فری بنانے کی کوششیں تیز

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

بھارت اور ڈنمارک نے گرین شپنگ، صاف توانائی اور سمندری شعبے میں کاربن اخراج کم کرنے کے لیے اپنے تعاون کو تیزی سے وسعت دی ہے۔ دونوں ممالک کی شراکت داری کا مقصد جدید ڈینش ٹیکنالوجی اور تجربے کو بھارت کے وسیع بندرگاہی نیٹ ورک، بڑھتی ہوئی جہاز سازی اور عالمی تجارتی راستوں پر اس کی اہم جغرافیائی پوزیشن کے ساتھ جوڑنا ہے۔ بھارت اور ڈنمارک کے درمیان سمندری تعاون کی بنیاد 2019 کے مفاہمتی معاہدے سے پڑی، جبکہ 2020 میں قائم ہونے والی گرین اسٹریٹجک پارٹنرشپ نے قابل تجدید توانائی، ماحولیات، ٹیکنالوجی، تجارت اور شپنگ کو باہمی تعاون کے اہم شعبوں میں شامل کیا۔ 2024 میں تعاون کو مزید وسعت دیتے ہوئے گرین میری ٹائم ٹیکنالوجی، بندرگاہوں کی ڈیجیٹلائزیشن، آٹومیشن، سائبر سیکیورٹی اور ہائیڈروجن و امونیا پر مبنی بحری ایندھن پر توجہ بڑھائی گئی۔ دونوں ممالک اب گرین شپنگ کوریڈورز قائم کرنے پر بھی کام کر رہے ہیں۔ اگست 2025 میں کوچی میں ہونے والی گرین فیولز ورکشاپ کے دوران 2025 سے 2027 کے درمیان دو سے تین پائلٹ گرین شپنگ کوریڈورز تیار کرنے کی نشاندہی کی گئی۔ ان منصوبوں کے لیے متبادل ایندھن، بنکرنگ انفراسٹرکچر، جدید جہاز، سرمایہ کاری اور نئے حفاظتی و ریگولیٹری نظام درکار ہوں گے۔ بھارت نے اپنی بندرگاہوں کو بھی صاف توانائی کے مراکز میں تبدیل کرنے کی سمت اقدامات شروع کیے ہیں۔ دین دیال پورٹ، وی او چدمبرانار پورٹ اور پارادیپ پورٹ کو گرین ہائیڈروجن ہب کے طور پر ترقی دی جا رہی ہے، جبکہ گجرات اور تمل ناڈو کے ساحلوں پر آف شور ونڈ انرجی کے امکانات بھی اس تبدیلی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ڈنمارک کی جدید سمندری ٹیکنالوجی اور قابل تجدید توانائی کا تجربہ، بھارت کی بڑی معیشت، وسیع بندرگاہی نظام اور تیزی سے بڑھتے سمندری شعبے کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کو عالمی گرین شپنگ اور توانائی کی منتقلی میں اہم شراکت دار بنا سکتا ہے۔

ہندوستان کا دورہ دوطرفہ شراکت داری کا اہم قدم۔ سوئس صدر

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

سوئس کنفیڈریشن کے صدر گائے پارملین نے پیر کو کہا کہ ہندوستان کا ان کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان "قریبی اور دیرینہ شراکت داری" کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ صدر پارملین کا راشٹرپتی بھون کے صحن میں سرکاری سطح پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر صدر دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ان کا خیر مقدم کیا۔ استقبالیہ تقریب کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے صدر پارملین نے کہا، "یہ دورہ اس بات کو اجاگر کرنے کا بہترین موقع ہے کہ سوئٹزرلینڈ اور ہندوستان دونوں اپنے باہمی تعلقات کو کتنی اہمیت دیتے ہیں۔" انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور سوئٹزرلینڈ کے سفارتی تعلقات "مشترکہ جمہوری اقدار، اعتماد اور باہمی احترام" پر قائم ہیں۔ سوئس صدر نے کہا، "میرا دورہ ہماری قریبی، وسیع اور دیرینہ شراکت داری کو مزید فروغ دینے، گہرا کرنے اور مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ مجھے خوشی اور اعزاز حاصل ہے کہ ہمیں دو طرفہ اور عالمی اہمیت کے معاملات پر خیالات کا تبادلہ کرنے کا موقع مل رہا ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "مجھے خاص طور پر خوشی ہے کہ ہندوستان میں میرا قیام ہندوستان اور ای ایف ٹی اے کے درمیان تجارتی و اقتصادی شراکت داری معاہدے، ٹیپا، کے نافذ ہونے کی پہلی سالگرہ منانے کا موقع فراہم کرے گا۔" ہندوستان اور یورپی آزاد تجارتی انجمن (ای ایف ٹی اے) کے درمیان تجارتی و اقتصادی شراکت داری معاہدہ (ٹیپا) ایک وسیع آزاد تجارتی معاہدہ ہے، جس میں ای ایف ٹی اے کے چار رکن ممالک آئس لینڈ، لختن اسٹائن، ناروے اور سوئٹزرلینڈ شامل ہیں۔ یہ معاہدہ 10 مارچ 2024 کو باضابطہ طور پر طے پایا تھا اور یکم اکتوبر 2025 سے نافذ ہوا۔ صدر پارملین نے کہا، "یہ اس بات کا جشن منانے کا مناسب وقت ہے کہ ہم نے مل کر اب تک کتنا سفر طے کیا ہے، لیکن اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ہم اپنے مشترکہ مستقبل کی تشکیل کریں۔" سوئس صدر پیر کو وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر تین روزہ سرکاری دورے کے لیے ہندوستان پہنچے۔ اس اعلیٰ سطحی دورے کا مقصد تجارت، سرمایہ کاری، سائنسی ترقی، تکنیکی اختراع اور افرادی قوت کی نقل و حرکت سمیت مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو فروغ دینا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق صدر پارملین کے ساتھ اعلیٰ حکام اور کاروباری شعبے کے اہم نمائندوں پر مشتمل ایک وفد بھی ہندوستان آیا ہے۔ یہ ہندوستان کا ان کا پہلا سرکاری دورہ ہے، جبکہ رواں سال یہ ان کا دوسرا ہندوستانی دورہ ہے۔

این ایس یو آئی کا زندہ لاش مظاہرہ گیانیش کمار کے استعفیٰ کا مطالبہ

نئی دہلی، 5 اکتوبر(یو این آئی)

ووٹ چوری کے الزامات اور الیکشن کمیشن سے جوابدہی کے مطالبے پر نیشنل اسٹوڈنٹس یونین آف انڈیا (این ایس یو آئی) نے پیر کے روز جنتر منتر پر ایک انوکھا علامتی مظاہرہ کیا۔ این ایس یو آئی کے کارکنوں نے 'زندہ لاش' بن کر مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر شہریوں کے ووٹ اور جمہوری حقوق محفوظ نہیں ہیں تو جمہوریت کا کوئی مطلب باقی نہیں رہ جاتا۔ مظاہرے کی قیادت این ایس یو آئی کے قومی صدر ونود جاکھڑ نے کی۔ مظاہرین نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے فوری استعفیٰ اور ان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ این ایس یو آئی کے مطابق، پرامن مظاہرے کے دوران دہلی پولیس نے جاکھڑ سمیت متعدد کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔

ہندوستان-انڈونیشیا تجارت کے فروغ کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت-انڈونیشیائی سفیر

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

بین الاقوامی تجارت اور کثیر الجہتی تعاون کے لیے انڈونیشیا کے صدر کی خصوصی ایلچی، ماری ایلکا پانگیسٹو نے ہندوستان اور انڈونیشیا کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں موجود خامیاں اور غیر استعمال شدہ امکانات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجود مواقع سے مکمل فائدہ اٹھانے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ اتوار کو یہاں منعقدہ پانچویں کوٹلیہ اکنامک کانکلیو کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پانگیسٹو نے کہا کہ عالمی غیر یقینی صورتحال اور بدلتی ہوئی دنیا کے تناظر میں خطے کے ممالک کے درمیان قریبی شراکت داری انتہائی اہم ہے۔ پانگیسٹو نے کہا، میں کوٹلیہ کانفرنس کو بہت سراہتی ہوں۔ یہ کانفرنس مختلف ممالک اور خطوں کے لوگوں کو اہم مسائل پر بات چیت کے لیے اکٹھا کرتی ہے۔ ہم نے اس بات پر تفصیلی گفتگو کی کہ دنیا کس طرح مسلسل تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہے۔ تمام تر غیر یقینی حالات کے پیش نظر، لچک کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے خطے کے اندر اور یہاں موجود مختلف ممالک، جن میں ہندوستان اور انڈونیشیا، نیز ہندوستان اور آسیان شامل ہیں، کے ساتھ قریبی شراکت داری قائم کریں۔ ہم نے اس بات پر بھی کافی بات کی کہ ہندوستان اور انڈونیشیا کے درمیان تجارتی صلاحیتوں سے شاید مکمل طور پر استفادہ نہیں کیا جا سکا ہے اور تجارت و سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے ہمیں مزید کتنے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

عالمی غیر یقینی صورتحال کے درمیان ہندوستانی معیشت مضبوط، مستحکم-این چندر شیکرن

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

ٹاٹا سنز کے چیئرمین این چندر شیکرن نے پیر کو کہا کہ ہندوستان کی معیشت غیر یقینی عالمی ماحول کے باوجود مضبوط ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انڈین فاؤنڈیشن فار کوالٹی مینجمنٹ سمپوزیم 2026 میں خطاب کرتے ہوئے، چندر شیکرن نے مضبوط گھریلو طلب، خدمات کی برآمدات اور سازگار پالیسیوں کو ترقی کے کلیدی محرکات کے طور پر اجاگر کیا۔ چندر شیکرن نے کہا کہ ہندوستان نے حالیہ برسوں میں مسلسل توقعات سے تجاوز کیا ہے اور مضبوط ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے زرمبادلہ کے صحت مند ذخائر، تمام شعبوں میں مضبوط مانگ اور معاشی لچک کی علامت کے طور پر بینکنگ سیکٹر کی صحت میں بہتری کی طرف بھی اشارہ کیا۔

کونو نیشنل پارک میں بھارت میں پیدا ہونے والی مادہ چیتا نے 5 صحت مند بچوں کو جنم دیا

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

'پروجیکٹ چیتا' کے سلسلے میں ایک اور تاریخی سنگ میل کے طور پر، بھارت میں پیدا ہونے والی 32 ماہ کی مادہ چیتا 'KJP21' نے آج کونو نیشنل پارک میں پانچ صحت مند بچوں کو جنم دیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بھارت میں چیتوں کی کل تعداد 60 ہو گئی ہے، جن میں بھارت میں پیدا ہونے والے 41 چیتے شامل ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اس پیش رفت کی اطلاع دیتے ہوئے، ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر شری بھوپیندر یادو نے کہا کہ 'KJP21' 'مکھی' اور 'KGP12' کے بعد بچوں کو جنم دینے والی بھارت میں پیدا ہونے والی چیتے کی تیسری مادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت بھارت میں چیتوں کی آبادی کی اگلی نسل کے ظہور میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ شری یادو نے کہا کہ ان پانچ بچوں کی پیدائش بھارت میں بوٹسوانا کی نسل کے آغاز کی بھی نشاندہی کرتی ہے، کیونکہ ان کا باپ بوٹسوانا کا ایک نر چیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے بھارت میں چیتوں کی بڑھتی ہوئی آبادی میں ایک نیا جینیاتی سلسلہ شامل ہوا ہے۔

ثقافتی سرمایہ بھارت کے معاشی وژن کا لازمی جزو ہونا چاہیے-گجیندر سنگھ شیخاوت

نئی دہلی5اکتوبر(ایم این این)

مرکزی وزیر سیاحت گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج کہا کہ بھارت کو ثقافتی سرمایے کو اپنے معاشی وژن کا لازمی حصہ بنانا چاہیے، کیونکہ ثقافت مقامی معیشت اور سیاحت کے لیے ایک محرک قوت بن چکی ہے۔ کوٹلیا اکنامک کانکلیو 2026 سے خطاب کرتے ہوئے شیخاوت نے کہا، بھارتی سیاحت میں اگلی بڑی تبدیلی کا اندازہ محض سیاحوں کی تعداد میں اضافے سے نہیں لگایا جائے گا۔ اس کا اندازہ سیاحت اور اس کے معاشی فوائد کی جغرافیائی اور سماجی تقسیم سے لگایا جائے گا۔ ہمارے چھوٹے شہروں کو فائدہ پہنچنا چاہیے۔ ہمارے دیہاتوں کو فائدہ ہونا چاہیے۔ ہمارے سرحدی علاقوں کو فائدہ ملنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا، ہمارے قبائلی برادریوں کو فائدہ ہونا چاہیے۔ ہمارے دستکاروں کو فائدہ پہنچنا چاہیے۔ خواتین کی زیر قیادت کاروباری اداروں کو فائدہ ملنا چاہیے، اور ہمارے نوجوان کاروباری افراد کو مواقع کے نئے راستے ملنے چاہئیں۔ وزیر نے مزید کہا، ہم اکثر لچک کا مطلب حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی صلاحیت سمجھتے ہیں، لیکن لچک کا ایک اور گہرا مفہوم بھی ہے۔ یہ اپنے وجود پر قائم رہنے کی صلاحیت بھی ہے، جبکہ ہمارے ارد گرد کی دنیا بدل رہی ہو۔ ایک درخت اس لیے اونچا بڑھتا ہے کیونکہ اس کی جڑیں گہری ہوتی ہیں۔ ایک تہذیب اس لیے قائم رہتی ہے کیونکہ اس میں تبدیلی کو اپنانے کا اعتماد اور تسلسل برقرار رکھنے کی دانشمندی موجود ہوتی ہے۔ اپنے خطاب میں شیخاوت نے کہا کہ ہم غیر معمولی اور تیزی سے رونما ہونے والی تبدیلیوں کے دور سے گزر رہے ہیں۔ گزشتہ 10 ہزار سالوں میں جو تبدیلیاں رونما ہوئیں... ہم نے گزشتہ 100 سالوں میں اس سے کہیں زیادہ تبدیلیاں دیکھی ہیں۔ وزیر نے کہا، گزشتہ ایک صدی میں جو تبدیلیاں آئیں... ہم نے گزشتہ 10 سالوں میں اس سے زیادہ تبدیلیاں دیکھی ہیں۔ اور گزشتہ دہائی میں جو تبدیلیاں ہوئیں، وہ گزشتہ چند مہینوں میں ہونے والی تبدیلیوں سے کم ہیں۔ وزیر نے مزید کہا، ٹیکنالوجی میں تبدیلی آ رہی ہے۔ ٹیکنالوجی مسلسل ارتقا پذیر اور تبدیل ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ سپلائی چینز (رسد کے نظام) کی تشکیل نو کی جا رہی ہے۔ ٹیکنالوجی صنعتوں اور لوگوں کی زندگیوں پر غیر معمولی رفتار سے اثر انداز ہو رہی ہیں۔ جغرافیائی سیاسی مساوات تبدیل ہو رہی ہیں اور دوسری جنگ عظیم کے بعد جغرافیائی سیاسی عدم استحکام اپنے عروج پر ہے۔

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

دریں اثنا، محکمہ موسمیات نے کسانوں کے لیے ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے انہیں 6 سے 10 اکتوبر کے دوران تیار سیب اور دھان کی فصل کو محفوظ مقامات پر رکھنے کی ہدایت دی ہے، کیونکہ بارش اور تیز ہواؤں کے باعث فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 2

رہنے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے بھی کہا جاتا کہ موبائل فون، سم خدمات اور جراثیم کش ادویات کے غیر قانونی مقاصد کے لیے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔ پولیس نے بتایا کہ ضابطوں کی پابندی کو مضبوط بنانے اور تجارتی خدمات و مصنوعات کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے ضلع بھر میں اس طرح کی جانچ اور معائنہ مہم جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 3

کاروں کو بااختیار بنانے اور زرعی ٹیکنالوجی میں ان کی قیادت کو یقینی بنانے کی اپیل کی۔ انہوں نے اداروں اور نجی شعبے کے شراکت داروں سے کہا کہ وہ خواتین کی قیادت میں سٹارٹ اپس کی معاونت کریں اور ایسی لیبارٹریاں، فیلوشپس اور انکیوبیشن پلیٹ فارمز قائم کریں جو دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والی نوجوان خواتین انجینئروں کی تربیت دیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "زرعی ٹیکنالوجی میں خواتین کی قیادت میں سٹارٹ اپس کو اسی اعتماد کے ساتھ مالی معاونت ملنی چاہیے جس اعتماد کے ساتھ کسی بھی دوسرے سٹارٹ اپ کو ضروری مدد اور سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ ہمیں یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ہمارے انجینئرنگ کالجز اور زرعی یونیورسٹیاں انہیں ٹیکنالوجی کی قیادت کے عہدوں تک پہنچنے کے لئے فعال طور پر پروان چڑھائیں۔ ایسی لیبارٹریاں، فیلوشپس اور انکیوبیشن پلیٹ فارمز بنائے جانے چاہئیں جہاں کشتواڑ یا کپواڑہ کے کسی گاؤں کی نوجوان خاتون انجینئر یا سائنس داں اپنے آئیڈیا کو ایک قابل اعتبار سفر کے ذریعے مارکیٹ کے لئے تیار پروڈکٹ میں ترقی کرتے ہوئے دیکھ سکے۔" انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور روبوٹکس کو اس طرح تیار کیا جانا چاہیے کہ ان کی بنیاد میں قابل استطاعت اور رسائی ہو۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اختراعات صرف بڑے زمیندار کسانوں تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ چھوٹے اور پسماندہ کسانوں تک پہنچنا چاہیے جو کہ ہندوستان کی کاشتکاری کا تقریباً 86 فیصد حصہ ہیں۔ انہوں نے ایسے ٹولز کی وکالت کی جو کم بینڈوتھ والے دیہات میں عام سمارٹ فونز پر چل سکیں نیز فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز (ایف پی اوز) کے ذریعے اجتماعی ملکیت کے ماڈلز کی بھی حمایت کی۔ منوج سنہا نے ڈرونز، آئی او ٹی پر مبنی سینسرز اور مشین لرننگ ماڈلز کی مثالیں پیش کیں جو پہلے ہی زراعت کو تبدیل کر رہے ہیں۔ انہوں نے اختراع کرنے والوں پر زور دیا کہ وہ کانفرنس ہالز کو متاثر کرنے کے بجائے عملی حل پر توجہ دیں جو حقیقی حالات میں حقیقی کھیتوں میں دیرپا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کی کامیابی کو اس بات سے ناپا جانا چاہیے کہ آیا چھوٹے کسانوں کو ان آلات سے واقعی فائدہ پہنچتا ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا، "میں انڈین سوسائٹی آف ایگری کلچرل انجینئرز کے سکاسٹ کشمیر اور ہر نوجوان انجینئر اور اختراع کار سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے بنیادی طور پر سستی اور رسائی کے ساتھ آلات تیار کریں۔ ایسے آلات بنائیں جو نہ صرف کلاؤڈ انفراسٹرکچر پر بلکہ ریاسی کے کسی کم بینڈوتھ والے گاؤں میں ایک عام سمارٹ فون پر بھی کام کریں۔ ایسے روبوٹک آلات تیار کریں جو فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز کے ذریعے لیز پر دیے جاسکیں یا کاشتکار کمیٹیوں کی اجتماعی ملکیت میں ہوں۔ میرا ماننا ہے کہ جینن زیڈ کاشتکاری کے لئے ٹیکنالوجی تیار کرنے کا حقیقی مطلب یہی ہے۔ ایسی ٹیکنالوجی جو چھوٹے اور پسماندہ کسانوں کے ساتھ ساتھ ترقی کرے۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر کا 'جامع زرعی ترقیاتی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایچ اے ڈی پی)' دوسری ریاستوں کے لئے قابل تقلید ماڈل ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ہندوستان بھر کے زرعی سائنس داں اور انجینئران درست زراعت اور وسائل کے انتظام میں یوٹی کے تجربے سے سیکھیں گے۔ انہوں نے کہا، "ایسی ٹیکنالوجی تیار کریں جو حقیقی کھیتوں میں، حقیقی مانسون کے حالات میں اور حقیقی کسانوں کے محدود بجٹ میں موثر ثابت ہو۔ آپ کی کامیابی کو صرف پیٹنٹ یا شائع شدہ تحقیقی مقالوں سے مت ناپیں۔ اسے اس بات سے ناپیں کہ پانچ سال بعد اننت ناگ، امرتسر یا کولار کا کوئی چھوٹا کسان آپ کے ٹولز کی بدولت واقعی بہتر حال میں ہے یا نہیں۔" اس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے آئی ایس اے ای ایوارڈز کے حاصل کنندگان کو بھی اعزاز سے نوازا۔ تقریب میں وزیر برائے زرعی پیداوار، دیہی ترقی و پنچایتی راج، امداد باہمی اور الیکشن محکمہ جات جاوید احمد ڈار، ایڈیشنل چیف سیکرٹری زرعی پیداوار ڈاکٹر اشیش چندر ورما، وائس چانسلر سکاسٹ کشمیر پروفیسر نذیر احمد گنائی، صدر آئی ایس اے ای ڈاکٹر ایس این جھا، فیکاس اے ایڈ ایم یونیورسٹی پروفیسر وی پی سنگھ، سیکرٹری جنرل آئی ایس اے ای ڈاکٹر پی کے ساہو، کنوینر 60 ویں آئی ایس اے ای کنونشن وفیسر روہتاشو کمار، آرگنائزنگ سیکرٹری کنونشن ڈاکٹر مدثر علی، آئی ایس اے ای کے اراکین، محققین، ماہرین تعلیم، ٹیکنوکریٹس، اختراع کار، صنعتی قائدین، اساتذہ اور طلبا موجود تھے۔

بقیہ نمبر 4

ایمپکٹ سٹ میں شرکت کر چکے ہیں۔ ٹھگرگ، ایک فرانسیسی طرز کا پنیر، ول کی شکل والی، نرم اور کریمی ہوتی ہے جو پاسچرائزڈ گائے کے دودھ سے بنتی ہے، جس میں برفیلی سفید رنڈ اور مٹی کی کھمبی کی طرح کے نوٹ ہوتے ہیں۔ اسے ایک سپر گولڈ ایوارڈ ملا، جو پنیر اور دودھ کی مصنوعات کے لیے ایک بین الاقوامی مقابلہ ہے۔

بقیہ نمبر 5

کو راغب کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے فوجی چاولوں اور دفاعی پیداوار میں تعاون کے نئے امکانات کی نشاندہی کی ہے۔ ایٹمی توانائی میں تعاون کو مزید مضبوط کرنے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ ٹرانسپورٹ، نقل وحمل اور بنیادی ڈھانچے پر بھی معاہدہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہندستان اور سوئٹزرلینڈ صحت، صاف ستھری توانائی اور خلائی تحقیق جیسے ترجیحی شعبوں میں نئے مشترکہ تحقیقاتی پروجیکٹ شروع کریں گے۔ ہندستان کے سائنس پر مبنی اسٹارٹ اپس کی صلاحیت بڑھانے کے لیے زیورخ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والے معاہدے کا بھی انہوں نے خیر مقدم کیا۔ مسٹر مودی نے کہا کہ ہجرت اور نقل وحمل کی شراکت داری اور نوجوان پیشہ ور افراد سے متعلق معاہدوں سے ہندستان کے طلبہ، محققین، پیشہ ور افراد اور نوجوانوں کے لیے سوئٹزرلینڈ میں نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہندستان اور سوئٹزرلینڈ عالمی امن اور استحکام کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یوکرین اور مغربی ایشیا سمیت مختلف خطوں میں ہندستان امن کی سمت میں کی جانے والی ہر حقیقی کوشش کی حمایت کرتا رہا ہے۔ انہوں نے عالمی چیلنجوں کے حل کے لیے عالمی اداروں میں اصلاحات کو بھی ضروری قرار دیا۔

بقیہ نمبر 6

نیب احمد گنائی کی گرفتاری عمل میں لا کر اس کے قبضے سے 14 گرام چرس برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق بعد ازیں زبیر احمد پالا اور دانش مشتاق کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 7.3 گرام ہیروئن اور 11800 انڈین کرنسی برآمد کر کے گرفتار کیا۔

بقیہ نمبر 7

مسائل اٹھانے کی بات کو انہوں نے محض سیاسی ڈرامہ قرار دیا۔ تنویر صادق نے کہا کہ جموں وکشمیر میں بیوروکریسی مبینہ طور پر کہیں اور سے ہدایات لے رہی ہے اور منتخب حکومت کے فیصلوں کے راستے میں جان بوجھ کر رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بیوروکریسی ہی معاملات طے کرے گی تو یہ صرف جموں وکشمیر ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں منتخب حکومتوں کے لیے ایک خطرناک مثال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت جو بھی اقدامات کر رہی ہے، ان میں دانستہ رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں، جو نہیں ہونا چاہیے۔ ان کے مطابق ریاستی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ بھی اسی لیے اہم ہے تاکہ منتخب حکومت کو مزید اختیارات مل سکیں اور وہ موثر طریقے سے کام کر سکے۔ تنویر صادق نے کہا کہ جموں وکشمیر کی جغرافیائی اور سلامتی کی صورتحال اسے عام ریاستوں سے مختلف بناتی ہے، اس لیے یہاں منتخب حکومت کو بااختیار بنانا انتہائی ضروری ہے۔ تنویر صادق نے بلا بول پروگرام کے دوران ایک بزرگ سیاسی رہنما سے مبینہ طور پر کیے گئے سوالات پر بھی اعتراض کیا اور پی ڈی پی کو خبردار کیا کہ اگر اس طرح کی سیاست جاری رکھی گئی تو نیشنل کانفرنس بھی اسی انداز میں جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بزرگ سیاسی رہنما سے اس انداز میں بات کرنا جمہوری اصولوں کے مطابق نہیں ہے۔ انہوں نے پی ڈی پی کو مشورہ دیا کہ سیاسی کشیدگی کو اس حد تک نہ لے جایا جائے جہاں دونوں جماعتوں کے درمیان محاذ آرائی مزید بڑھ جائے۔ اپنی پارٹی کے صدر الطاف بخاری کی جانب سے مسٹر جاوید سے منسوب تعمیراتی معاملے پر لگائے گئے الزامات کا جواب دیتے ہوئے تنویر صادق نے کہا کہ اس معاملے میں اپنی پارٹی سے وابستہ کسی شخص کا تعلق ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے کسی شخص کو سرکاری اراضی یا جائیداد حوالے نہیں کی اور محکمہ سیاحت نے بھی ایسی کسی جگہ کی حیثیت تبدیل نہیں کی ہے۔ تنویر صادق نے کہا کہ متعلقہ مشیر کی جانب سے معاملے کی وضاحت پہلے ہی کی جا چکی ہے۔ انہوں نے الزامات لگانے والوں سے ثبوت پیش کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت کی جانب سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو اسے سامنے لایا جائے۔

بقیہ نمبر 8

جس کے تحت الیکشن کمیشن کے فیصلے اتفاق رائے سے ہونے چاہئیں یا پھر اکثریت کی بنیاد پر طے ہونے چاہئیں۔ بنچ نے تاہم واضح کیا کہ وہ پہلے یہ جانچے گی کہ آیا قانون کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے یا نہیں اور مدعا علیہان کا موقف معلوم کرے گی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اگر قانون کی خلاف ورزی پائی گئی تو اسے منسوخ کر دیا جائے گا، جبکہ جسٹس جوائے مالیا باگچی نے سوال اٹھایا کہ کیا دوسرے فریق کو سنے بغیر ایسا حکم جاری کیا جاسکتا ہے۔ عدالت نے تمام مدعا علیہان کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ، وکیل شیلیندر منی ترپاٹھی کی جانب سے دائر ایک اور متعلقہ درخواست پر بھی نوٹس جاری کیا گیا ہے، جس میں مبینہ یکطرفہ فیصلوں کو منسوخ کرنے اور ایس آئی آر کے عمل کی آزادانہ تحقیقات کرانے کی مانگ کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 9

فراہم کنندگان کھدائی سے پہلے زیر زمین انفراسٹرکچر کی شناخت کر سکیں گے، جس سے نقصان اور سروس میں خلل کا خطرہ کم ہوگا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ پالیسی جموں وکشمیر کو شہری انفراسٹرکچر کی ترقی کیلئے زیادہ مربوط اور مستقبل کیلئے تیار نقطہ نظر کی طرف لے جانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ کامن ڈکٹ پالیسی کا مقصد یوٹیلیٹی نیٹ ورکس بچھانے اور مرمت کرنے کیلئے بار بار سڑکیں کاٹنے سے روکنا ہے، تاکہ عوامی سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی حفاظت ہو اور مسافروں کو تکلیف کم ہو۔ یہ مشترکہ انفراسٹرکچر ماڈل یوٹیلیٹی فراہم کنندگان کیلئے آپریشنل اور لاجسٹکس اخراجات کو بہتر بنانے میں بھی مدد دے گا اور اوور ہیڈ یوٹیلیٹی نیٹ ورکس کی وجہ سے پیدا ہونے والی بصری بگھری ہوئی صورت حال کو کم کرے گا۔ اس پالیسی سے منصوبہ بند شہری توسیع کی حمایت، یوٹیلیٹی انفراسٹرکچر کی لچک میں بہتری اور جموں وکشمیر بھر میں ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی کی ترقی کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 10

بغیر وضاحت طویل عرصے تک غیر حاضر رہنے یا سرکاری ہدایات کے باوجود ڈیوٹی پر واپس نہ آنے کے معاملات میں تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ زیر التوا تادیبی معاملات کی تفصیلات 15 اکتوبر تک وزارت داخلہ کو فراہم کی جانی چاہیے۔ وزارت داخلہ نے اے جی ایم یو ٹی کے تمام حصوں سے زیر التوا تادیبی معاملات سے متعلق تفصیلات اور معاون دستاویزات 15 اکتوبر تک پیش کرنے کو کہا ہے۔

بقیہ نمبر 11

کی بم ڈسپوزل ٹیم نے دونوں بارودی سرنگوں کو قابو میں کیے گئے دھماکے کے ذریعے تباہ کر دیا۔ حکام کے مطابق کارروائی کے دوران کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ حکام نے بتایا کہ ایل او سی کے اگلے علاقوں میں دراندازی روکنے کے لیے مختلف مقامات پر بارودی سرنگوں کا نظام موجود ہے۔ بارش اور قدرتی عوامل کے باعث بعض اوقات یہ بارودی سرنگیں اپنی اصل جگہ سے منتقل ہو جاتی ہیں۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

ماحولیاتی خصوصیات کو برقرار رکھتے ہوئے علاقے کو ایک جدید اور معیاری عوامی مقام کے طور پر ترقی دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ڈل ڈیمب کی ترقی سے علاقے کی مجموعی سیاحتی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور مزید سیاحوں کو جھیل ڈل کی جانب راغب کرنے میں مدد ملے گی۔ وائس چیئرمین نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ علاقے میں جھاڑیوں کی فوری صفائی اور دیگر ضروری صفائی کے کام انجام دیے جائیں تاکہ علاقے کی مجموعی حالت اور آمدورفت کو بہتر بنایا جاسکے اور ڈل ڈیمب میں مزید گاد نکالنے اور بحالی کے کام شروع کیے جاسکیں۔ انہوں نے انجینئرنگ ونگ کو مجوزہ خوبصورتی اور ترقیاتی کاموں کے لیے تفصیلی تخمینے تیار کرنے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو انجینئرنگ، ریونیو اور زمینی سطح پر کام کرنے والے شعبوں کے درمیان قریبی تال میل یقینی بنانے کی ہدایت دی تاکہ مجوزہ کاموں کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد مقررہ مدت میں مکمل ہو سکے۔

102

خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے گئے۔ خلاف ورزی کرنے والے کاروباری اداروں کے خلاف متعلقہ قانونی دفعات کے تحت ضروری کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

103

کہا کہ مقدس زیارت گاہوں میں سہولیات کی ترقی زائرین اور عقیدت مندوں کے لیے بہتر انتظامات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان تاریخی مقامات کے روحانی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا: "ترقی اب جموں وکشمیر وقف بورڈ کی پہچان بن چکی ہے اور یہ مشن جاری رہے گا۔ ہم منصوبہ بند بنیادی ڈھانچے کی ترقی، بہتر سہولیات اور موثر انتظامی نظام کے ذریعے اپنے مذہبی اداروں کو تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ہماری مقدس زیارت گاہیں اپنی روحانی تقدس کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرتی رہیں۔" بعدازاں وقف چیئرپرسن نے بورڈ کے حکام، مقامی انتظامیہ اور شہری سول سوسائٹی سے وابستہ ممتاز شخصیات کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔

104

اور فلاحی اقدامات خاندانوں کے لیے عملی مدد میں تبدیل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ خدمت سنکلپ مہم کا مقصد عوامی فلاحی اقدامات کے بارے میں بیداری اور معاشرتی شمولیت کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے بی جے پی کارکنان اور سماجی نمائندوں پر زور دیا کہ وہ عوام سے مسلسل رابطے میں رہیں اور مستحق افراد کو سرکاری اسکیموں سے متعلق معلومات فراہم کرنے میں مدد کریں۔ چندر پرکاش گنگا نے کہا کہ آنگن واڑی کارکنان اور معاونین ماں اور بچے کی بہبود کے لیے زمینی سطح پر ایک اہم نیٹ ورک کی حیثیت رکھتے ہیں۔

105

اجلاس میں جنرل سکریٹری حاجی علی محمد ساگر، صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر، ترجمان اعلیٰ و ایم ایل اے زڈیبل تنویر صادق، ایم ایل اے عیدگاہ حاجی مبارک گل، ایم ایل اے حبہ کدل ایڈوکیٹ شمیم فردوس، ایم ایل اے چھانہ پورہ مشتاق گورو، ایم ایل اے حضرت بل سلمان علی ساگر، ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی، وزیر اعلیٰ کے سیاسی صلاح کار ناصر اسلم وانی، اقلیتی سیل کے کنوینر جگدیش سنگھ آزاد، صوبائی صدر خواتین ونگ انجینئر صبیہ قادری، صوبائی صدر یوتھ مشتاق میر اور بلاک صدور صاحبان بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کا اہتمام ضلع صدر سرینگر پیر آفاق احمد نے کیا تھا۔ اجلاس میں ضلع سرینگر میں پارٹی سرگرمیوں، تنظیمی پروگراموں، عوام کو درپیش مسائل و مشکلات، تعمیر وترقی کے کاموں کی رفتار اور زمینی سطح پر پارٹی کی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں شرکاء نے مختلف امور پر اپنی آراء اور تجاویز بھی پیش کیں۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارٹی عہدیداران اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ہر سطح پر اور ہر لمحہ پارٹی کے آئین اساسی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی تحریک شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ ہمیشہ اس سنہری اصول کو اجاگر کرتے رہے کہ لوگ ہی طاقت کا سرچشمہ ہیں اور سرداری عوام کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی سے وابستہ ہر فرد کو انہی اصولوں کو اپنی سیاسی اور تنظیمی سرگرمیوں کا محور بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور عوام کے بھرپور اشتراک سے نیشنل کانفرنس ہمیشہ زمینی سطح پر مضبوط رہی ہے۔

106

کارروائی کے دوران پولیس نے محکمہ ارضیات وکان کنی کے ساتھ مل کر ایک ڈمپر بھی ضبط کیا، جس کا رجسٹریشن نمبر JK05L-5121 ہے۔ ڈمپر میں غیر قانونی طور پر نکالا گیا معدنی مواد منتقل کیا جا رہا تھا۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے، جبکہ ڈمپر کے معاملے میں معدنیات اور معدنیات کی ترقی وضابطہ کاری ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت کارروائی کی گئی ہے۔ پولیس نے کہا کہ عوامی وسائل کے تحفظ اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کے تعاون سے غیر قانونی کان کنی، معدنی مواد نکالنے اور اس کی غیر قانونی نقل وحمل کے خلاف سخت اور مسلسل کارروائیاں جاری رہیں گی۔

107

اے آر ٹی او کو مناسب تعداد میں عوامی ٹرانسپورٹ دستیاب رکھنے اور پارکنگ کے مناسب انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ چیف میڈیکل افیسر بڈگام کو زیارت گاہ کے قریب طبی کیمپ قائم کرنے کے لیے کہا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی چرار شریف کے متعلقہ ایگزیکٹو افسر کو قصبے اور زیارت گاہ کے اطراف صفائی ستھرائی، حفظان صحت اور مناسب روشنی کے انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اسی طرح محکمہ خوراک، شہری رسد و امور صارفین کو اکتوبر ماہ کا راشن بروقت تقسیم کرنے کی ہدایت دی گئی، جبکہ محکمہ فوڈ سیفٹی کو بازاروں میں معائنوں میں تیزی لانے اور ملاوٹ، زائد قیمت وصول کرنے اور غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت کی روک تھام یقینی بنانے کے لیے کہا گیا۔

108

رابطہ کاری، عوامی سہولیات، ادارہ جاتی ضروریات اور دیگر مقامی ترجیحات سے متعلق اپنے خیالات اور تجاویز بھی پیش کیں۔ رکن اسمبلی بارہمولہ جاوید حسن بیگ نے بارہمولہ قصبے میں سرکاری اراضی کی محدود دستیابی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیا اور تجویز دی کہ ماسٹر پلان میں مناسب مضافاتی علاقوں کی نشاندہی کی جائے جہاں ایسے سرکاری دفاتر اور منصوبے منتقل کیے جاسکیں جن کے لئے عوام کی روزانہ کی بنیاد پر آمدورفت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ممبر اسمبلی سوپور ارشاد رسول کار نے سرکاری دفاتر کے بکھرے ہوئے مقامات کے مسئلے کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور ماسٹر پلان میں سوپور کے لئے ایک 'منی سیکرٹریٹ' کی فراہمی کی تجویز دی۔ ممبر قانون ساز اسمبلی واگورہ۔ کریری عرفان حفیظ لون نے اس بات پر زور دیا کہ ماسٹر پلان کے تحت متوقع ترقی دیرپا اور متوازن ہونی چاہیے جس میں خطے کی زرعی و باغبانی اراضی اور روزگار کے مفادات کے تحفظ کے لئے مناسب اقدامات شامل ہوں۔ دریں اثنا ریاض بیدار نے پٹن قصبے میں سڑک کو کشادہ کرنے، ٹرک ٹرمینل کی فراہمی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کے لئے دستیاب سرکاری اراضی کے موثر استعمال کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ مختلف شراکت داروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی زمین کے استعمال، بنیادی ڈھانچے، مواصلاتی رابطوں، عوامی سہولیات، ٹریفک کے انتظام، ادارہ جاتی ضروریات اور تینوں قصبوں کی مستقبل کی ترقی سے متعلق مسائل اٹھائے اور تجاویز پیش کیں۔

109

جس کے مقابلے میں 22.46 کروڑ روپے کے فنڈز دستیاب ہیں۔ اب تک 2.36 کروڑ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں، جو منظور شدہ بجٹ کا 5 فیصد اور دستیاب فنڈز کا 11 فیصد بنتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام عمل درآمد کرنے والی ایجنسیوں کو زیر التوا کاموں کی ٹینڈرنگ، الاٹمنٹ اور عمل درآمد کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت دی اور کہا کہ تمام منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں، تاہم معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کاموں کے ہر مرحلے پر قریبی نگرانی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے افسران کو عمل درآمد میں رکاوٹ بننے والے عوامل کی نشاندہی کر کے انہیں دور کرنے کی ہدایت دی۔ عوامی فنڈز کے موثر استعمال پر زور دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں سے کہا کہ طبعی پیش رفت کو مالی اخراجات کے ساتھ ہم آہنگ رکھا جائے اور دستیاب فنڈز کو دانشمندی اور بروقت استعمال میں لایا جائے۔ انہوں نے افسران کو ضلع مانیٹرنگ پورٹل پر درست اور تازہ ترین اعداد وشمار درج کرنے کی بھی ہدایت دی اور کہا کہ پورٹل پر دکھائی جانے والی پیش رفت زمینی صورتحال کی حقیقی عکاسی کرنی چاہیے۔ متعلقہ افسران کو مزید ہدایت دی گئی کہ تکمیل کے قریب پہنچنے والے کاموں کو ترجیح دی جائے اور باقاعدگی سے زمینی سطح پر نگرانی کی جائے تاکہ مکمل ہونے والے اثاثے غیر ضروری تاخیر کے بغیر عوام کے لیے دستیاب بنائے جاسکیں۔ اجلاس میں متعلقہ انجینئرنگ اور ترقیاتی محکموں کے اعلیٰ افسران، جن میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر ضلعی سطح کے افسران شامل تھے، نے شرکت کی۔

110

منتج ہوئی، جبکہ 23.79 لاکھ کروڑ روپے کی پیداوار اور فروخت، 15.53 لاکھ کروڑ روپے کی برآمدات اور 14.57 لاکھ روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ انہوں نے ملک کی برقی مصنوعات کی صنعت میں ہونے والی توسیع کو بھی اجاگر کیا۔ ان کے مطابق برقی مصنوعات کی پیداوار 1.9 لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 13.11 لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے، جبکہ برقی مصنوعات کی برآمدات 38 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر 4.24 لاکھ کروڑ روپے ہو گئی ہیں۔ کھنڈانہ نے کہا کہ یہ پیش رفت 'خود کفیل بھارت' اور 'ترقی یافتہ بھارت' کے عزم کی عکاسی کرتی ہے اور ٹیکنالوجی، مینوفیکچرنگ اور اختراع کے شعبوں میں نئے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ، برقی مصنوعات کی پیداوار اور دیگر اہم صنعتی شعبوں میں مسلسل توسیع سے بھارت کی داخلی صنعتی بنیاد مزید مضبوط ہوگی اور عالمی ٹیکنالوجی و صنعتی سپلائی چین میں ملک کا انضمام مزید مستحکم ہوگا۔

111

ذرائع پیدا ہوئے اور مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے۔ جی ڈی آئی ٹیم کی افسر تکمل شرما نے منظم پینلز کے ذریعے مشن یووا کے نفاذ کی موجودہ صورتحال، کامیابیوں، مستفیدین کی پیش رفت اور ان اہم شعبوں کو اجاگر کیا جہاں مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ جائزے کے دوران مشن یووا سے وابستہ مختلف مراحل کے مستفیدین نے بھی جی ڈی آئی ٹیم کے ساتھ بات چیت کی۔ ان میں نئے درخواست دہندگان، اپنے کاروباری ادارے شروع کر چکے کاروباری افراد اور وہ مستفیدین شامل تھے جن کے قرضے منظور ہو چکے ہیں اور کاروباری اداروں کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ مستفیدین نے اپنے تجربات، پیش رفت اور درپیش مشکلات سے ٹیم کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر الطاف احمد خان کے علاوہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈی آئی سی کو ڈی ای اینڈ ایس سی کولگام، ضلع نوڈل افسر جے کے ای ڈی آئی، لیڈ بینک منیجر کولگام، ایس پی ڈی یو اور پی ایچ ڈی کے اراکین اور مشن یووا کے نفاذ سے وابستہ دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

112

اور کلچرل اکیڈمی کی جانب سے ادیبوں، شعراء اور ثقافتی کارکنوں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ادبی محفلیں نہ صرف شاعری اور خیالات کے اظہار کا ذریعہ ہیں بلکہ نسلوں کے درمیان اہم رابطے کا ذریعہ بھی بنتے ہیں جو پنجابی زبان، ادبی روایات اور ثقافتی ورثے کے تحفظ میں مدد دیتے ہیں۔ کلچرل اکیڈمی کے شیرازہ پنجابی کے مدیر پوپندر سنگھ پارس نے پروگرام کو بامقصد بنانے میں اکیڈمی کے تعاون کی سراہنا کی۔ انہوں نے کہا کہ کلچرل اکیڈمی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ اور ادیبوں، شعراء، فنکاروں اور نوجوان ادبی شائقین کو پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کے ادبی و ثقافتی پروگرام وسیع پیمانے پر شرکت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور نوجوان نسل کا پنجابی زبان و ثقافت سے تعلق مضبوط بناتے ہیں۔ سیکرٹری کلچرل اکیڈمی ہر وجندر کور نے پنجابی زبان وادب کے فروغ کے لئے پنجابی ساہت سبھا سری نگر کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے جموں وکشمیر بھر میں ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے لئے اکیڈمی کی جانب سے فراہم کردہ مختلف اقدامات اور تعاون کا ذکر کیا اور علاقائی ادبی روایت کو مزید مالا مال کرنے کے لئے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمان خصوصی ایس بے پال سنگھ نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجابی ساہت سبھا اور کلچرل اکیڈمی پنجابی زبان وادب کے فروغ و ترقی کے لئے اہم کوششیں کر رہی ہیں۔ انہوں نے ایسے پروگراموں کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادبی اور ثقافتی سرگرمیاں نوجوانوں کو اپنی زبان، ادب اور ثقافتی ورثے سے جڑے رہنے کے لئے بامقصد مواقع فراہم کرتی ہیں۔ ایڈیشنل سیکرٹری کلچرل اکیڈمی لال چند نے اپنے خطاب میں کہا کہ اکیڈمی جموں وکشمیر کے دور دراز علاقوں سمیت باقاعدگی سے پنجابی ادبی و ثقافتی پروگرام منعقد کرنے کے لئے پرعزم ہے تاکہ پنجابی کی شاندار ادبی اور ثقافتی روایات معاشرے کے وسیع تر طبقوں تک پہنچ سکیں۔ دوسرے سیشن میں ایک شاندار پنجابی لوک ثقافتی پروگرام پیش کیا گیا جس میں صوبہ جموں سے تعلق رکھنے والے لوک فنکاروں نے روایتی پنجابی لوک موسیقی پیش کی۔

113

گرین انڈیا مشن کے تحت روزگار سے متعلق اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا، جن میں خواتین کے خود امدادی گروپوں میں سلائی مشینوں کی تقسیم، مقامی دستکاروں کو کمہار کے چاک، تربیت یافتہ نوجوانوں کو لکڑی پر نقش ونگار کے اوزاروں کی کٹس اور قبائلی برادری کے افراد میں شہد کی مکھیوں کے چھتے تقسیم کرنا شامل ہے۔ نئے جامع منصوبے کے تحت 2026-27 سے 2031-32 کے دوران 141.50 ہیکٹر رقبے کی بحالی اور ترقی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس پر مجموعی طور پر 424.53 لاکھ روپے خرچ ہوں گے۔ مجوزہ اقدامات میں تباہ شدہ کھلے جنگلاتی ماحولیاتی نظام کی بحالی، متروک کان کنی اور پتھر کی کانوں کے علاقوں کی بحالی، شہری اور نیم شہری علاقوں میں شجرکاری، آبی علاقوں کی ماحولیاتی بحالی، زرعی جنگلات اور سماجی جنگلات کے فروغ کے علاوہ متبادل ایندھن اور روزگار کے لیے معاونت شامل ہے۔ جامع منصوبے پر غور کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے زور دیا کہ گرین انڈیا مشن کے اقدامات کو محکمہ زراعت، دیہی ترقی اور دیگر متعلقہ محکموں کی جاری اسکیموں کے ساتھ مربوط کر کے نافذ کیا جائے۔ انہوں نے شہری علاقوں میں سبزہ بڑھانے اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی، خصوصاً کپواڑہ قصبے کے داخلی راستے پر، جبکہ آبی علاقوں اور آبی ذخائر کی خوبصورتی اور ماحولیاتی بحالی کے لیے بھی مرکوز اقدامات پر زور دیا۔ روزگار میں بہتری پر زور دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے قبائلی اور جنگلات پر انحصار کرنے والی برادریوں کو مقامی طور پر دستیاب غیر لکڑی جنگلاتی مصنوعات اور جنگلاتی پیداوار میں قدر افزائی، مصنوعات کی تیاری اور منڈی سے روابط کے ذریعے مزید تعاون فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس سلسلے میں جامع منصوبے کے تحت کرہج فارسٹ ڈویژن میں غیر لکڑی جنگلاتی مصنوعات کی پروسیسنگ مرکز کے قیام کے علاوہ کرہج اور کیمپل فارسٹ ڈویژنز میں ترقیاتی مراکز اور نرسری تحقیقی مراکز قائم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

114

یونیورسٹی کے زوالوجی ڈیپارٹمنٹ میں، لیگل ایڈ کلینک میں تعینات PLVs کے ذریعہ محکمہ قانون میں NALSA کی مختلف اسکیموں پر ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ شرکاء کو مختلف قانونی خدمات کی اسکیموں کے مقاصد اور فوائد اور قانونی مدد حاصل کرنے والے افراد کے لیے دستیاب راستوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ مفت قانونی امداد اور سماجی بہبود کی اسکیموں کے بارے میں تعینات پی ایل وی کے ذریعہ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول، کوٹھی باغ میں ایک بیداری پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

رونالڈو کے لیے ٹیم کے دروازے کھلے ہیں: جیسس

لزبن، ۵ اکتوبر (یو این آئی) پرتگال فٹ بال ٹیم کے کوچ جارج جیسس نے اسٹار کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو کے ساتھ اپنے اختلاف کو غلط فہمی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے لیے قومی ٹیم کے دروازے کھلے ہیں۔ اتوار کو ناروے کے خلاف ۲-۱ سے گھریلو جیت کے بعد جیسس نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ "اگر وہ چاہے گا تو وہ قومی ٹیم میں واپس آ جائے گا۔ ہم اگلے انتخاب سے پہلے بات کر سکتے ہیں، لیکن آخری فیصلہ کرس ہی کریں گے۔ میں نے کہا تھا کہ مجھے تمہاری ضرورت ہے، تم میرے قریب رہو، چاہے تم کھیل رہے ہو یا نہیں، مجھے تمہاری ضرورت ہے۔ اور اب بھی میں یہی بات کہہ رہا ہوں۔" جیسس کے اس بیان سے رونالڈو کے لیے پرتگال کی قومی ٹیم میں واپسی کا راستہ کھل گیا ہے۔ واضح رہے کہ ۲۷ ستمبر کو نیشنز لیگ میں ناروے کے خلاف ۲-۱ سے ملی جیت میں رونالڈو کو متبادل کھلاڑی کے طور پر رکھنے کے جیسس کے فیصلے نے عوامی تنازع کو جنم دیا تھا۔ اس کے بعد رونالڈو نے پرتگال کی ٹیم کا تربیتی کیمپ چھوڑ دیا تھا۔ رونالڈو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر لکھا کہ "قومی ٹیم کی پریس کانفرنس کے بعد اور پرتگال فٹ بال فیڈریشن کے صدر کے ساتھ بات چیت کے بعد، میں نے قومی ٹیم کے تربیتی کیمپ کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔" کھیلوں کی دنیا میں چند ہی ایسے نام ہیں جنہیں کسی تعارف کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کرسٹیانو رونالڈو بھی انہی عظیم کھلاڑیوں میں شمار ہوتے ہیں، جنہوں نے اپنی غیر معمولی صلاحیت، مسلسل محنت اور مضبوط عزم کے ذریعے فٹ بال کو صرف ایک کھیل نہیں بلکہ اپنی زندگی کا مقصد بنا دیا۔ پرتگال سے تعلق رکھنے والے رونالڈو نے عالمی فٹ بال میں اپنی ایسی شناخت قائم کی ہے جو کئی نسلوں کے کھلاڑیوں اور شائقین کے لیے تحریک کا باعث ہے۔ رونالڈو کا سفر آسان نہیں تھا۔ وہ پرتگال کے جزیرہ ماڈیرا میں پیدا ہوئے اور کم عمری ہی سے فٹ بال کے بے حد شوقین تھے۔ محدود وسائل کے باوجود انہوں نے اپنے خواب کو ترک نہیں کیا۔ بچپن میں ہی ان کی توجہ کھیل، تربیت اور اپنی صلاحیت بہتر بنانے پر مرکوز ہو گئی۔ کم عمری میں گھر سے دور جا کر فٹ بال کی تربیت حاصل کرنا ان کے لیے ایک بڑا چیلنج تھا لیکن یہی قربانیاں آگے چل کر ان کی کامیابی کی بنیاد بنیں۔

الکاراز، جوکووچ ایک ہی ڈرا میں

شنگھائی، 5 اکتوبر (یو این آئی) اسپین کے اسٹار ٹینس کھلاڑی کارلوس الکاراز اپنی رولیکس شنگھائی ماسٹرز مہم کا آغاز فرانسسکو سیرونڈولو یا کسی کوالیفائر کے خلاف کریں گے، جبکہ ٹاپ سیڈ الیگزینڈر زویریو اور ۴ مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووچ اے ٹی پی ماسٹرز 1000 ٹورنامنٹ کے ایک ہی ڈرا کا حصہ ہیں۔ سات اکتوبر سے 18 اکتوبر تک جاری رہنے والے اس ٹورنامنٹ میں ۴ مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووچ کا راستہ کافی مشکل نظر آ رہا ہے۔ اگر جوکووچ اور ٹاپ سیڈ زویریو اپنے ابتدائی مقابلے جیت جاتے ہیں تو سیمی فائنل میں دونوں کے درمیان مقابلہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ وہیں دوسری سیڈ الکاراز کو جوکووچ اور زویریو کے ہاف سے الگ رکھا گیا ہے، جس کا مطلب ہے کہ وہ جوکووچ یا زویریو کا سامنا صرف فائنل میں ہی کر سکتے ہیں۔ الکاراز کے ہاف میں ڈینیل میدویدیف اور ٹومی پال جیسے کھلاڑی شامل ہیں۔ الکاراز شنگھائی میں تیسری بار حصہ لیں گے، جہاں ان کی اب تک کی بہترین کارکردگی 2024 میں کوارٹر فائنل تک پہنچنا رہی ہے۔

توجہ ٹرافیوں پر مرکوز ہے: رگھوونشی

کولکاتا، 5 اکتوبر (یو این آئی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2026 میں کولکاتا نائٹ رائیڈرز کے لیے کھیلتے ہوئے کنکشن اور انگلی کی چوٹ کے سبب ٹورنامنٹ سے باہر ہونے والے انگ کرش رگھوونشی اب پوری طرح ٹھیک ہو کر میدان پر واپس آ چکے ہیں اور کرکٹ کا لطف اٹھاتے ہوئے ڈومیسٹک سرکٹ میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میری توجہ اس بات پر مرکوز ہے کہ میں اپنی ٹیم کے لیے کتنی ٹرافیاں جیت سکتا ہوں۔ 22 سالہ وکٹ کیپر بلے باز نے 2026-27 کے گھریلو سیزن کی تیاری کے تحت کرناٹک اسٹیٹ کرکٹ ایسوسی ایشن (کے ایس سی اے) کی کے تھمیا میموریل ٹرافی میں حصہ لیا۔ اس کے بعد انہوں نے چنئی میں ریسٹ آف انڈیا کی جانب سے گھریلو انڈر-23 چیمپئن تمل ناڈو کے خلاف ۴ روزہ میچ بھی کھیلا۔

پولارڈ کی کپتانی والی ٹورنٹو سکسرز نے کناڈا سپر ۶۰ کا خطاب جیتا

وینکوور، ۵ اکتوبر (یو این آئی) ٹورنٹو سکسرز نے یہاں منعقدہ بی سی پلیس میں کھیلے گئے مردوں کے فائنل میں وینکوور نائٹس کو ۵ وکٹ سے شکست دے کر کناڈا سپر ۶۰ کا خطاب جیت لیا۔ یہ ٹورنٹو کی دوہری کامیابی ہے۔ اس سے پہلے وہ خواتین کی چیمپئن شپ بھی جیت چکے ہیں۔ ظہیر خان کی مشترکہ ملکیت والی ٹیم وینکوور نائٹس نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ۳ وکٹ پر ۱۹۳ رن بنائے۔ اویس پیدا نے ۳۱ گیندوں پر ناٹ آؤٹ ۸۲ رن بنائے اور کپتان حسین علی نے ۱۸ گیندوں پر ۳۵ رن جوڑے، لیکن ٹورنٹو نے آخری گیند پر ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ۵ وکٹ پر ۱۹۸ رن بنا کر کامیابی حاصل کر لی۔ ایکرز نے دھماکہ خیز شروعات کی۔ ایڈیرین فوڈاللہ نے ۹ گیندوں پر ۱۷ رن بنائے اور ایرون جانسن نے ۱۰ گیندوں پر ۱۳ رن جوڑے۔ مارلن ایڈرسن کے سکور پر آؤٹ ہونے کے بعد حسین اور پیدا نے اننگز سنبھالی اور دونوں نے مل کر ۱۳ باؤنڈری لگائیں۔ پیدا کے ۸۲ رن صرف ۳۱ گیندوں پر آئے، جس میں ۲ چوکے اور ۱۲ چھکے شامل تھے، جبکہ حسین کے ۳۵ رن میں ۲ چوکے اور ۵ چھکے شامل تھے۔ وینکوور نے ۱۹.۳۰ کے رن ریٹ سے ۱۹۳/۳ کا اسکور بنایا۔ ٹورنٹو کی جانب سے ہدف کا تعاقب نکولس پوران نے کیا، جنہوں نے ۲۳ گیندوں پر ۶۷ رن بنائے۔ ان کی اننگز میں ۴ چوکے اور ۹ چھکے شامل تھے اور ان کا اسٹرائیک ریٹ ۲۹۱.۳۰ رہا۔ کیرون پولارڈ نے ۱۳ گیندوں پر ۳۵ رن جوڑے، جبکہ ڈینیئل سیمس ۹ گیندوں پر ناٹ آؤٹ ۲۵ رن بنا کر واپس لوٹے، جس میں ۳ چھکے شامل تھے، جس سے ٹورنٹو مشکل ہدف کے ساتھ تال میل برقرار رکھنے میں کامیاب رہا۔ ول سمیڈ نے بھی ۷ گیندوں پر ۱۷ رن بنائے، جس کے بعد لوکی فرگوسن نے انہیں آؤٹ کر دیا۔ پوران کی جارحانہ بلے بازی نے ٹورنٹو کو مطلوبہ رن ریٹ سے کافی آگے پہنچا دیا، جس کے بعد پولارڈ اور سیمس نے یقینی بنایا کہ آخر میں کوئی گڑبڑ نہ ہو۔ سکسرز نے آخری گیند پر ۱۹۸/۵ رن بنا کر ۵ وکٹ سے کامیابی حاصل کی۔ پوران کو پورے ٹورنامنٹ میں ۲۰۷ رن بنانے اور ۳ وکٹ لینے کے لیے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ بھی منتخب کیا گیا۔ اس سے پہلے سکسرز نے پہلے سیمی فائنل میں سمبا اسٹرائیکرز کو ۹ رن سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی تھی۔ سمبا نے لیگ مرحلے میں کوئی میچ نہیں ہارا تھا اور وہ ٹیبل میں سب سے اوپر تھی، لیکن ٹورنٹو نے ناک آؤٹ مرحلے میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کی سب سے مضبوط لیگ مرحلے کی ٹیم کو باہر کر دیا۔

ہندوستان نے میچ پر گرفت مضبوط کی

احمد آباد، 5 اکتوبر (یو این آئی) تنے پاوڈا (6 وکٹ) کی شاندار گیند بازی کی بدولت ہندوستانی انڈر-19 ٹیم نے یہاں دوسرے یوتھ ٹیسٹ میں آسٹریلیا کو پہلی اننگز میں 174 رن پر آؤٹ کرنے کے بعد دن کا کھیل ختم ہونے تک 2 وکٹ پر 38 رن بنا لیے ہیں۔ بلے بازی کے لیے اتری ہندوستانی انڈر-19 ٹیم کو تھامس داباؤ نے 7ویں اوور میں گلے رانے چوہان (1) کو آؤٹ کر کے پہلا جھٹکا دیا۔ اس کے بعد ساگر ورک اور کنشک گرہ جہا نے اننگز سنبھالنے کی کوشش کی۔ 12ویں اوور میں اسکنشر گرین نے ساگر ورک (16) کو آؤٹ کر کے شراکت توڑ دی۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان 20 رن کی شراکت ہوئی۔ دن کا کھیل ختم ہونے تک ہندوستانی انڈر-19 ٹیم نے 2 وکٹ پر 38 رن بنا لیے تھے اور وہ اب بھی آسٹریلیا کی پہلی اننگز کے اسکور سے 136 رن پیچھے ہے۔ کپتان نیل وردھمن چوہان (ناٹ آؤٹ 7) اور کنشک گرہ جہا (ناٹ آؤٹ 13) رن بنا کر کریز پر موجود تھے۔ اس سے پہلے آج یہاں ٹاس جیت کر ہندوستانی انڈر-19 ٹیم نے پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اتری آسٹریلیائی انڈر-19 ٹیم کی شروعات اچھی نہیں رہی اور اس نے ہندوستانی باؤلنگ اٹیک کے سامنے 65 رنز کے اسکور تک اپنے 6 وکٹ گنوا دیے۔

ہندوستان کے سامنے یوراگوئے کا سخت چیلنج

کولکاتا، ۵ اکتوبر (یو این آئی) برازیل کے ہاتھوں ۰-۳ کی شکست سے ابھرنے کے لیے ہندوستان کے پاس بہت کم وقت ہے اور اب اسے منگل کو یہاں فیفا کے بین الاقوامی دوستانہ میچ میں ۲ مرتبہ کی عالمی چیمپئن یوراگوئے جیسی مضبوط ٹیم کا سامنا کرنا ہے۔ پاناما کے خلاف ۱-۱ سے ڈرا میچ نے خالد جمیل کی ٹیم سے بہتر کارکردگی کی امیدیں پیدا کی تھیں، لیکن ہفتہ کو سالٹ لیک اسٹیڈیم میں برازیل نے ہندوستان اور دنیا کی ٹاپ ٹیموں کے درمیان مہارت کا فرق واضح کر دیا۔ اب ہندوستان کو اس شکست کو پیچھے چھوڑ کر دنیا میں ۱۰ویں نمبر کی ٹیم یوراگوئے کے خلاف مقابلہ کرنے کا طریقہ تلاش کرنا ہوگا۔ بڑی شکست کے باوجود جمیل کو اپنی ٹیم کی کارکردگی میں کچھ مثبت پہلو نظر آئے، خاص طور پر پاسنگ، دفاعی تال میل اور ابتدائی ۲۵ منٹ میں جوابی حملے کی کوششیں۔ برازیل کے کوچ کارلو انچیلوٹی نے بھی ان شعبوں میں ہندوستان کی کوششوں کو تسلیم کیا۔ ہندوستان کو ان لمحات کو آگے بڑھانا ہوگا، خاص طور پر ایسی ٹیم کے خلاف جس کے پاس بہت زیادہ بین الاقوامی تجربہ ہے۔ دنیا میں ۱۳۸ویں نمبر کی ٹیم کے لیے یوراگوئے کے خلاف گول کرنا یا ڈرا کرانا بھی ایک بڑی کامیابی ہوگی۔ میزبان ٹیم اپنے حملے کی کمان ریان ولیمز کو سونپے گی، جنہوں نے پاناما کے خلاف گول کیا تھا۔ دفاعی کھلاڑیوں کو چکمہ دینے اور گیند کو آگے لے جانے کی ان کی صلاحیت انہیں ٹیم کے لیے گول کرنے کی کوشش میں ایک اہم کھلاڑی بناتی ہے۔

کوہیما میں ہاف میراتھن

دیماپور، ۵ اکتوبر (یو این آئی) سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے، نچلی سطح پر کھیلوں کی ثقافت کو مستحکم کرنے اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے یہاں کوہیما کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں 'اسپرٹ' کے بینر تلے ریاستی سطح کی ہاف میراتھن منعقد کی گئی۔ اس کے ساتھ ہاف میراتھن کے علاوہ فٹ بال، بیڈمنٹن اور والی بال جیسے کئی مقامی کھیل بھی شامل تھے۔ سی آر پی ایف کی ۸ویں بٹالین (سیکٹر-جیز) نے ہندوستانی کھیل اتھارٹی (سائی) اور ناگالینڈ حکومت کے تعاون سے اس دوڑ کا انعقاد کیا۔ ناگالینڈ کے پولیس ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی پی) روپن شرما اس پروگرام میں مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے اور انہوں نے اسے ایک منفرد انعقاد قرار دیا۔ انہوں نے سائی سے اپیل کی کہ وہ اس پروگرام کے ذریعے طویل اور درمیانی فاصلے کی دوڑ کے لیے بہترین صلاحیتوں کا انتخاب کرے۔

ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے زمبابوے کو 8 وکٹ سے ہرا کر سیریز بھی جیتی

ہرارے، 5 اکتوبر (یو این آئی) جاہزرا کلیکسٹن (3 وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد ابونی برتھویٹ (57) کی نصف سنچری کی بدولت ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے یہاں دوسرے ٹی-20 مقابلے میں زمبابوے کو 65 گیندیں باقی رہتے 8 وکٹ سے شکست دے دی۔ اس کے ساتھ ہی ویسٹ انڈیز نے 3 میچوں کی سیریز میں 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی۔ برتھویٹ کو شاندار اننگز کے لیے 'پلیئر آف دی میچ' کا ایوارڈ دیا گیا۔ آج یہاں ٹاس جیت کر ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اتری زمبابوے کی خاتون ٹیم نے کیلس ندھلوو (25)، ملاولا بیزا (35) اور چپو موگیری-تریپانو (25) کی اننگز کی مدد سے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹ پر 106 رن بنائے۔ زمبابوے کی 5 بلے باز 2 ہندسوں کے اسکور تک بھی نہیں پہنچ سکیں۔ ویسٹ انڈیز کے لیے جاہزرا کلیکسٹن نے 14 رن دے کر 3 وکٹ حاصل کیے۔ اسٹیفنی ٹیلر اور زیدا جیمز نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے اتری ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے 9.1 اوورز میں 2 وکٹ پر 108 رن بنا کر مقابلہ اور سیریز اپنے نام کر لی۔ ویسٹ انڈیز کے لیے ابونی برتھویٹ نے 23 گیندوں میں 3 چوکے اور 6 چھکوں کی مدد سے 57 رن بنائے۔

ڈیف کولکاتا واریئرز نے خطاب جیتا

تروپتی، (آندھرا پردیش) 5 اکتوبر (یو این آئی) انڈین ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن (آئی ڈی سی اے) کے زیر اہتمام ۷ویں ٹی-20 ڈیف انڈین پریمیئر لیگ 2026 کا آندھرا پردیش کے تروپتی میں کامیابی کے ساتھ اختتام ہوا۔ چار روز تک جاری رہنے والے اس سنسنی خیز کرکٹ ٹورنامنٹ میں ملک بھر کی 8 ٹیموں نے حصہ لیا، جس میں ڈیف کولکاتا واریئرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیمپئن کا خطاب اپنے نام کیا۔ ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن آف آندھرا پردیش (ڈی سی اے اے پی) کے تعاون سے منعقد یہ چیمپئن شپ یکم سے 4 اکتوبر 2026 تک کے وی ایس اسپورٹس پارک کرکٹ گراؤنڈ، تھمالا گنٹہ، تروپتی میں کھیلی گئی۔ ٹورنامنٹ میں ملک کے مختلف حصوں سے آئے باصلاحیت ڈیف کرکٹروں کو اپنی کھیلنے کی صلاحیت، مسابقتی جذبے اور کرکٹ کے تئیں عزم کا مظاہرہ کرنے کے لیے قومی سطح کا پلیٹ فارم ملا۔ اس چیمپئن شپ میں 8 ٹیموں ڈیف حیدرآباد ٹائیگرز، ڈیف بنگلور بادشاہس، ڈیف لکھنؤ جائنٹس، ڈیف دہلی بلز، ڈیف ممبئی اسٹارز، ڈیف کولکاتا واریئرز، ڈیف پنجاب لائنز اور ڈیف چنئی بلاسٹرز نے حصہ لیا۔

زمبابوے ورلڈکپ کے لیے پرجوش

ہرارے، 5 اکتوبر (یو این آئی) آئی سی سی مردوں کا کرکٹ ورلڈ کپ 24 سال بعد افریقہ واپس آ رہا ہے۔ زمبابوے، جنوبی افریقہ اور نامیبیا کے ساتھ مل کر اس بڑے ٹورنامنٹ کی میزبانی کرے گا۔ یہ ٹورنامنٹ اگلے برس 2 اکتوبر سے شروع ہوگا۔ میزبان ملک ان 10 ٹیموں میں شامل ہیں جنہوں نے اس بڑے ٹورنامنٹ کے لیے اپنی جگہ پکی کر لی ہے۔ آل راؤنڈر سکندر رضا کے لیے یہ ایک خاص موقع ہے۔ زمبابوے کرکٹ نے رضا کے حوالے سے کہا کہ "اس بات پر میں پرجوش ہوں کہ آخرکار میں اپنے ہوم گراؤنڈ پر ورلڈ کپ کھیلوں گا۔ اپنے ہوم گراؤنڈ پر ورلڈ کپ کھیلنا اور اپنے شائقین کے سامنے کھیلنا بہت بڑے اعزاز اور فخر کی بات ہے۔ میرے لیے سب سے زیادہ پرجوش بات یہ ہے کہ ریٹائرمنٹ سے پہلے مجھے اپنے ہوم گراؤنڈ پر ورلڈ کپ کھیلنے کا اعزاز حاصل ہوگا۔" زمبابوے کو گروپ اے میں موجودہ چیمپئن آسٹریلیا، ہندوستان، پاکستان اور افغانستان کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ ایک اور مقام کے لیے 3 ٹیموں کے درمیان پھر سیریز ہوگی، جو نامیبیا کے ونڈہوک میں 2 اکتوبر سے شروع ہوگی۔ زمبابوے کے ہیڈ کوچ جسٹن سیمونز نے میزبان ٹیم کے لیے کچھ بڑے میچوں کا ذکر کیا۔ سیمونز نے کہا کہ "وکٹوریہ فالز میں ہندوستان کے ساتھ ہونے والا میچ اور پاکستان کے ساتھ ہونے والا میچ بہت زیادہ توجہ حاصل کرے گا۔ اس کے بعد آپ موجودہ چیمپئن آسٹریلیا کے خلاف بھی کھیلیں گے، اس لیے 3 بڑے میچ ہوں گے، جس سے ہمارے کھلاڑیوں کو بہت تجربہ حاصل ہوگا۔ یہ ان کے لیے اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے اور بہترین ٹیموں کے خلاف خود کو آزمانے کا شاندار موقع ہوگا۔" سیمونز نے افغانستان کے بارے میں کہا کہ "ان کی ٹیم میں کئی خاص خوبیاں ہیں۔ ان کے زیادہ تر کھلاڑی، اگر سبھی نہیں، تو دنیا بھر کی مختلف فرنچائز لیگوں میں کھیلتے ہیں۔ ان کی ٹیم میں کئی ایسے کھلاڑی ہیں جو میچ میں فتح دلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔" زمبابوے کے تیز گیند باز نگاروا نے کہا کہ "زمبابوے کے لیے خود کو ثابت کرنے کا یہ ایک شاندار موقع ہے۔ ہمارے یہاں بہترین سیاحت، ثقافت اور کھیل کا جذبہ ہے، اس لیے میزبانی کرنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے۔ ہم اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی امید کرتے ہیں، خاص طور پر ان شائقین کے لیے جو پورا دن ہمارا حوصلہ بڑھائیں گے۔ ہم کسی بھی ٹیم کے خلاف کھیلنے کے لیے پرجوش ہیں۔ یہ سبھی ٹیمیں شاندار کھلاڑیوں سے بھری ہوئی بہترین ٹیمیں ہیں اور مجھے معلوم ہے کہ ان کے خلاف کھیلنے سے ہمیں اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی تحریک ملے گی۔"

انٹر ڈسٹرکٹ یو ٹی لیول انڈر 19 بوائز والی بال چیمپئن شپ کا افتتاح

کپواڑہ، ۵ اکتوبر: ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے آج پی ایچ ایس لنگلوسہ، کپواڑہ میں انٹر ڈسٹرکٹ یو ٹی لیول انڈر ۱۹ بوائز والی بال چیمپئن شپ کا افتتاح کیا۔ چیمپئن شپ میں جموں و کشمیر کے تمام ۲۰ اضلاع کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، جس سے نوجوان کھلاڑیوں کو یو ٹی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور مسابقتی تجربہ حاصل کرنے کا اہم موقع مل رہا ہے۔ چیمپئن شپ کا انعقاد محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کپواڑہ کی جانب سے کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہندواڑہ جاوید احمد مسعودی بھی موجود تھے۔ افتتاحی میچ کپواڑہ اور بانڈی پورہ کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل، عزم اور بھرپور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا۔ میچ کے دوران کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے افسران، کھلاڑیوں اور شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کپواڑہ نے نوجوان کھلاڑیوں کو معیاری کھیلوں کے مواقع فراہم کرنے اور انہیں نظم، لگن، نظم و ضبط اور محنت کے ساتھ کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کی ترغیب دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ چیمپئن شپ کے تحت آئندہ دنوں میں شریک تمام اضلاع کی ٹیموں کے درمیان مختلف مقابلے جاری رہیں گے۔

نئی ٹیم تیار کرنا ہمارا ہدف: کریگ فلٹن

نئی دہلی، ۵ اکتوبر (و س)۔ ہندوستانی مردوں کی ہاکی ٹیم نے دو روز قبل آئیچی-ناگویا ایشیائی کھیلوں کے فائنل میں ملائیشیا کو ۵-۱ سے شکست دے کر اپنے ایشیائی کھیلوں کے خطاب کا کامیابی سے دفاع کیا۔ اس جیت کے ساتھ ہرمن پریت سنگھ کی قیادت والی ہندوستانی ٹیم نے لاس اینجلس ۲۰۲۸ اولمپکس کے لیے براہ راست کوالیفائی بھی کر لیا۔ ہندوستانی مردوں کی قومی ہاکی ٹیم کے چیف کوچ کریگ فلٹن نے سائی میڈیا سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ لاس اینجلس اولمپکس اب زیادہ دور نہیں ہے اور ہاکی انڈیا لیگ کے بعد انہیں ایک نئی ٹیم تیار کرنے پر کام کرنا ہوگا۔ اس دوران ٹیم میں زیادہ نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کر کے تجربے اور نوجوان جوش کے درمیان بہتر توازن قائم کرنے پر زور دیا جائے گا۔ فلٹن نے کہا، "لاس اینجلس ۲۰۲۸ اب دو سال سے بھی کم دور ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ابھی کافی وقت ہے، لیکن یہ وقت بہت تیزی سے گزر جاتا ہے۔ فی الحال ہم درست پروگرام اور مناسب منصوبہ تیار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ اولمپکس سے دو سال پہلے، ایک سال پہلے اور چھ ماہ پہلے ہماری تیاری کیسی ہونی چاہیے اور اسی کے مطابق منصوبہ بندی کرنی ہوگی۔" انہوں نے کہا، "میرا خیال ہے کہ ہر ٹیم میں تجربہ اور نوجوان کھلاڑیوں کے اپنے اپنے مراحل ہوتے ہیں۔ اس وقت ہمارے پاس تجربہ کار کھلاڑیوں کا ایک اچھا گروپ ہے۔ ہمارے پاس کچھ نوجوان کھلاڑی بھی ہیں، جبکہ انڈیا اے اور مضبوط انڈر-۲۱ ٹیم میں نوجوان صلاحیتوں کی بڑی تعداد موجود ہے، جو ایک اچھی بات ہے۔ اس لیے اگلے دو، تین ماہ میں، میرے خیال میں ہاکی انڈیا لیگ کے بعد ہم اپنی پوری صلاحیتوں کا جائزہ لیں گے، نئی ٹیم کا انتخاب کریں گے اور وہیں سے نئے سرے سے شروعات کریں گے۔"

سلیکشن ٹرائلز 11 اکتوبر کو جموں میں

جموں، 5 اکتوبر: آرچری ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کی جانب سے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اسپورٹس کونسل کے زیر تحت سینئر نیشنل آرچری چیمپئن شپ کے لیے سلیکشن ٹرائلز 11 اکتوبر 2026 کو ایم اے اسٹیڈیم جموں میں منعقد کیے جائیں گے۔ سینئر نیشنل آرچری چیمپئن شپ رواں برس 11 سے 18 نومبر 2026 تک میگھالیہ میں منعقد ہوگی، جس میں جموں و کشمیر کی نمائندگی کے لیے کھلاڑیوں کا انتخاب مذکورہ سلیکشن ٹرائلز کے ذریعے کیا جائے گا۔ آرچری ایسوسی ایشن نے تمام متعلقہ کھلاڑیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ کو اپنے متعلقہ کوچ مسٹر بلبیر سنگھ سے رپورٹ کریں۔ کھلاڑیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے ساتھ آدھار کارڈ اور انٹری فارم بھی لازماً لائیں۔ ایسوسی ایشن نے کھلاڑیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سلیکشن ٹرائلز میں بروقت شرکت کو یقینی بنائیں تاکہ قومی چیمپئن شپ کے لیے ٹیم کے انتخاب کا عمل مقررہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کیا جا سکے۔

اُدھمپور کی لڑکیوں نے کبڈی کا تاج اپنے نام کر لیا

پہلگام، اننت ناگ، ۵ اکتوبر: ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں و کشمیر کے زیر اہتمام پہلگام، ضلع اننت ناگ میں جاری انٹر ڈسٹرکٹ یو ٹی لیول گرلز کبڈی ٹورنامنٹ آج اختتام پذیر ہو گیا۔ ٹورنامنٹ میں جموں و کشمیر کے ۱۹ اضلاع کی ٹیموں نے لیگ بنیاد پر حصہ لیا اور نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کھیل اور بھرپور مسابقتی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ اختتامی روز تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے میچ میں اُدھمپور اور بانڈی پورہ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوئیں، جس میں اُدھمپور نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بانڈی پورہ کو ۳۱-۳۰ پوائنٹس سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ٹاپ پوزیشن کے لیے کھیلے گئے فائنل میں اُدھمپور اور بانڈی پورہ کے درمیان انتہائی سنسنی خیز مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ اُدھمپور نے پہلے ہاف میں ۲۰-۱۴ کی برتری حاصل کی، تاہم بانڈی پورہ نے دوسرے ہاف میں بھرپور واپسی کرتے ہوئے مقابلے کو دلچسپ بنا دیا۔ بالآخر اُدھمپور نے معمولی ایک پوائنٹ کے فرق سے ۳۶-۳۵ سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کا چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ اختتام پر شریک ٹیموں اور کھلاڑیوں میں سرٹیفکیٹس اور ٹرافیاں تقسیم کی گئیں۔ ٹورنامنٹ کے دوران کھلاڑیوں کی کارکردگی کو ڈائریکٹوریٹ کی مقررہ ہدایات کے مطابق اگلے مرحلے کے انتخابی عمل میں بھی مدنظر رکھا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد میں ضلع اننت ناگ کی منتظم ٹیم، ٹیکنیکل آفیشلز، کوچز، متعلقہ افسران اور شریک اضلاع نے اہم کردار ادا کیا۔

انڈر 14 گرلز کھو کھو چیمپئن شپ کا افتتاح

بارہمولہ، 5 اکتوبر: اسپورٹس فیلڈ دوابگاہ، سوپور میں آج انڈر 14 گرلز کی صوبائی سطح کی کھو کھو چیمپئن شپ کا افتتاح کیا گیا، جس میں کشمیر صوبے کے مختلف علاقوں سے 10 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ چیمپئن شپ کا افتتاح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوپور شبیر احمد رینا نے کیا۔ مقابلے کا انعقاد محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس ضلع بارہمولہ کی جانب سے کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے نوجوان لڑکیوں کو مسابقتی کھیلوں میں شرکت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کھیل بچوں میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے شریک کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ حقیقی اسپورٹس مین اسپرٹ، لگن اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے پلیٹ فارم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھاریں۔ انہوں نے کھیلوں میں لڑکیوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کی اہمیت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کے مقابلے نچلی سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی شناخت اور اسے آگے بڑھانے کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

ہندوستانی پہلوانوں کی شاندار کارکردگی، چھ تمغے

نئی دہلی، ۵ اکتوبر (و س)۔ ہندوستانی کشتی ٹیم نے جاپان کے آئیچی-ناگویا میں حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والے ۲۰ویں ایشیائی کھیلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چھ تمغے جیتے۔ اس کھیل میں ہندوستان نے سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کے دو تمغے اپنے نام کیے۔ جاپان میں ۳۰ ستمبر سے ۳ اکتوبر تک منعقدہ کشتی کے مقابلوں میں یہ ایشیائی کھیلوں کی تاریخ میں ہندوستان کی اب تک کی دوسری بہترین کارکردگی ہے۔ ہندوستان نے اس سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ صرف ۱۹۶۲ کے ایشیائی کھیلوں میں کیا تھا، جب ہندوستانی پہلوانوں نے مجموعی طور پر ۱۲ تمغے جیتے تھے۔ ہندوستان نے ۱۸ میں سے ۱۵ وزن کے زمروں میں پہلوان اتارے اور فری اسٹائل، گریکو رومن اور خواتین کی کشتی، تینوں زمروں میں تمغے حاصل کیے۔ ہندوستانی پہلوانوں نے اس دوران اولمپک چیمپئن، موجودہ عالمی چیمپئن اور عالمی رینکنگ میں سرفہرست پہلوانوں کو بھی شکست دی۔ ۶۵ کلوگرام فری اسٹائل میں سجیت کلکل نے اپنے پہلے ایشیائی کھیل میں سونے کا تمغہ جیتا۔ عالمی رینکنگ میں دوسرے نمبر پر موجود سجیت نے بھی فائنل میں جاپان کے ۲۰۲۴ اولمپک کے سونے کے تمغہ فاتح کوتارو کیوکا کو ۳-۳ کی برابری کے بعد معیار کی بنیاد پر شکست دی۔ فائنل میں انہوں نے تاجکستان کے عبدالمجید کوڈیئیف کو ۹-۱۰ سے ہرا کر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ وہ ۶۵ کلوگرام فری اسٹائل میں ایشیائی کھیلوں کا سونے کا تمغہ جیتنے والے تیسرے ہندوستانی پہلوان بن گئے۔ ۵۷ کلوگرام فری اسٹائل میں امن سہراوت نے بھی تاریخی سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ عالمی رینکنگ میں ۲۴ویں نمبر پر موجود امن نے فائنل میں شمالی کوریا کے عالمی نمبر ایک اور ۲۰۲۵ کے عالمی چیمپئن چونگ سونگ ہان کو ۷-۱۱ سے شکست دی۔ اس وزن کے زمرے میں ایشیائی کھیلوں میں ہندوستان کا یہ پہلا سونے کا تمغہ ہے۔ گریکو رومن کے ۹۷ کلوگرام زمرے میں نتیش نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ وہ ۶۲ سال بعد ایشیائی کھیلوں کے گریکو رومن فائنل میں پہنچنے والے دوسرے ہندوستانی پہلوان بنے۔ ان سے قبل ۱۹۶۲ میں مارو تی مانے نے ۹۷ کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔ نتیش نے سیمی فائنل مقابلہ دو منٹ کے اندر ۰-۹ سے جیتا تھا۔ خواتین کے ۵۳ کلوگرام زمرے میں عالمی نمبر ایک انتم پنگھال نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ انہوں نے فائنل تک پہنچنے کے دوران عالمی رینکنگ میں پانچویں نمبر کی پہلوان کو شکست دی اور دو مقابلے بغیر کوئی پوائنٹ گنوائے جیت حاصل کی۔

نیشنل سافٹ ٹینس چیمپئن شپ کا افتتاح

سری نگر، ۵ اکتوبر: ایس کے آئی ایس سی سری نگر میں آج ۱۴ویں جونیئر نیشنل سافٹ ٹینس چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈویژنل اسپورٹس آفیسر محترمہ کرپال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں امیچور سافٹ ٹینس فیڈریشن آف انڈیا اور جموں و کشمیر امیچور سافٹ ٹینس ایسوسی ایشن سے وابستہ عہدیداران اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ چیمپئن شپ میں ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے جونیئر کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جس سے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور قومی سطح پر مقابلہ کرنے کا اہم موقع فراہم ہوگا۔ افتتاحی تقریب کے دوران مقررین نے سافٹ ٹینس کے فروغ اور نوجوانوں میں کھیلوں کے جذبے کو پروان چڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے قومی مقابلوں کے انعقاد سے جموں و کشمیر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید تقویت دینے کے ساتھ ساتھ مقامی نوجوان کھلاڑیوں کو بھی قومی سطح کے کھلاڑیوں کے ساتھ اپنی صلاحیتیں آزمانے کا موقع ملتا ہے۔ چیمپئن شپ کے انعقاد پر منتظمین نے امیچور سافٹ ٹینس فیڈریشن آف انڈیا، جموں و کشمیر امیچور سافٹ ٹینس ایسوسی ایشن اور متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ یہ مقابلے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک یادگار اور مفید تجربہ ثابت ہوں گے۔

زمزم پورہ نے کچایما کو 49 رنز سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی

سرینگر، ۵ اکتوبر: حاجی عبدالعزیز میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے ایڈیشن ۲۰۲۶ کا شاندار فائنل آج علامہ اقبال گراؤنڈ زعفران میں زمزم پورہ اور کچایما کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا، جس میں زمزم پورہ نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کچایما کو ۴۹ رنز سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ فائنل میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے زمزم پورہ کی ٹیم نے مقررہ اوورز میں ۱۴۵ رنز کا ہدف دیا۔ جواب میں کچایما کی پوری ٹیم ۹۶ رنز پر آؤٹ ہو گئی اور زمزم پورہ نے ۴۹ رنز سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ فائنل میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں ایم اے میر کو ”مین آف دی میچ“ قرار دیا گیا، جبکہ شوکت ملک نے ”مین آف دی سیریز / مین آف دی سیریز“ کا اعزاز حاصل کیا۔ سمیع ملک کو بہترین فیلڈر کا ایوارڈ دیا گیا۔ تقریب میں مرحوم حاجی عبدالعزیز وانی کے بڑے بھائی عبدالرحمٰن میر، سینئر صحافی عبدالمجید شیری، محمد یوسف میر، بشیر احمد وانی، معراج الدین ملک، عبدالصمد وانی اور وقار یوسف ملک عرف بلو بطور مہمانان خصوصی موجود تھے۔ زیرو اسپورٹس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری انجینئر ملک یاسین حسن نے کھلاڑیوں میں اعزازی تحائف، ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے اور دونوں ٹیموں کو شاندار کھیل پیش کرنے پر مبارکباد دی۔ اختتام پر ٹورنامنٹ کے منتظمین گوہر بشیر اور نذیر احمد ملک نے تمام مہمانوں، کھلاڑیوں اور شائقین کا شکریہ ادا کیا۔ دوسری جانب مہمانوں اور کھلاڑیوں نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر منتظمین گوہر بشیر، نذیر احمد ملک، سمیع ملک اور عاشق وانی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" کھیل کے شائقین اور دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویروں کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ادارے ای میل ایڈریس یا تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں چونکہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے۔

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے اطمینان کو یقینی بنائیں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

0194-2456781 مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781